سمارٹ نوٹس

کمپیوٹر سائنس 9

معروضی و مختصر جوابی سوالات ⋆ اَپ ٹو ڈیٹ اینڈ ماڈل پیپرز

کثیرالانتخابی سوالات

1۔ ہارڈویئر کی بہترین تعریف ہے:

(a) فزیکل حصے (b) پرنٹ کیے گئے نتائج

(c) پروگرام (d) منطقی حصہ

2۔ سی پی یو کا کون سا حصہ دو مقداروں میں موازنہ کرنے کا ذمہ دار ہے؟

(a) LU (b) Control Unit

(c) Memory (d) ALU

3۔ کون سا پرنٹر زیادہ تیز رفتار ہے؟

(a) لیزر (b) انک جیٹ (c) ڈاٹ میٹرکس (d) ڈیزی وھیل

4۔ 1GB برابر ہے:

(a) 1024B (b) 1024KB (c) 1024MB (d) 1024TB

5۔ مین میموری ہے:

(a) دماغ (b) ورکنگ ایریا (c) پروسیس (d) کنٹرول

6۔ ASCII ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بٹ کوڈنگ سکیم ہے۔

(a) 7 (b) 5 (c) 3 (d) 2

7۔ x+x = ...?

(a) 2x (b) x (c) 1 (d) x^2

8۔ بیچ فائل کی ایکسٹینشن ہے:

(a) EXE (b) BAT (c) BAC (d) DOC

9۔ ڈیٹا فائلز میں ہوتا ہے اور فائلز ہوتی ہیں:

(a) ڈائریکٹریز (b) ایکسٹینشن (c) بائنڈرز (d) سب فائلز

10۔ تمام فائلیں جو کمپیوٹر میں مٹ جاتی ہیں وہ سٹور ہوتی ہیں:

(a) ری سائیکل بن (b) مائی ڈاکومنٹس (c) ٹاسک بار (d) ٹول بار

11۔ ان میں سے کون سی ہائی لیول لینگویج نہیں ہے؟

(a) جاوا (b) سی پلس پلس (c) اسمبلی (d) فورٹران

12۔ ان میں سے کون سی نان وولاٹائل میموری ہے؟

(a) ریم (b) کیشے (c) روم (d) ڈی ریم

13۔ فلیٹ پینل ڈسپلے عموماً استعمال ہوتے ہیں:

(a) سپر کمپیوٹرز میں (b) پرسنل کمپیوٹرز میں
(c) لیپ ٹوپس (d) یہ تمام

14۔ ایک میگا بائیٹ برابر ہے:
(a) 1024BT (b) 1024GB (c) 1024KB (d) 1024Bytes

15۔ 10011001 کا 1's کمپلیمنٹ ہے۔
(a) 00110011 (b) 00001111 (c) 01100110 (d) 00110011

16۔ $121_{(10)}$ برابر ہے:
(a) $11001010_{(2)}$ (b) $01111001_{(2)}$
(c) $00010011_{(2)}$ (d) $00011100_{(2)}$

17۔ دو متغیرات x اور y کے لئے ایبزورپشن کا قانون کرتا ہے کہ
(a) x.x=x and y.y=y (b) x.y=y.x
(c) x+(x.y)=x and x.(x+y)=x (d) ان میں سے کوئی نہیں

18۔ پرامپٹ کمانڈ:
(a) فائلز کے ختم ہونے کی تصدیق کرتی ہے (b) پرامپٹ تبدیل کرتی ہے
(c) ڈائریکٹری کو تلاش کرتی ہے (d) ان میں سے کوئی نہیں

19۔ Good Time تھا ایک:
(a) وائرس (b) اینٹی وائرس
(c) وائرس کے بارے میں بے بنیاد خبر تھی (d) ان میں سے کوئی نہیں

20۔ پہلا IC کب ایجاد اور استعمال ہوا؟
(a) 1990ء (b) 1980ء (c) 1971ء (d) 1961ء

21۔ CPU کے اندر سٹوریج لوکیشنز کیا کہلاتی ہیں؟
(a) ریم (b) روم (c) رجسٹر (d) کیشے میموری

22۔ کون سا آؤٹ پٹ آلہ نہیں ہے؟
(a) مانیٹر (b) پرنٹر (c) مائکروفون (d) سپیکر

23۔ ایک کلو بائٹ برابر ہے:
(a) 512 بائٹس (b) 1024 بائٹس (c) 1024 بٹس (d) 1024 میگا بائٹس

24۔ $236_{(8)}$ کو ڈیسی مل میں تبدیل کیجئے:
(a) $58_{(10)}$ (b) $158_{(10)}$ (c) $157_{(10)}$ (d) $258_{(10)}$

25۔ بائنری نمبر $10_{(2)}$ کی اعشاری نمبر سسٹم میں کیا قیمت ہو گی؟

(a) $3_{(10)}$ (b) $2_{(10)}$ (c) $10_{(10)}$ (d) $1_{(10)}$

26۔ ڈی مارگن کے قانون کے مطابق $\overline{x+y} = ?$

(a) $\overline{x+y}$ (b) $\overline{x.y}$ (c) $\bar{x}.\bar{y}$ (d) ان میں سے کوئی نہیں

27۔ 3.5 انچ فلاپی ڈسک کی ڈیٹا کو سٹور کرنے کی گنجائش ہے:

(a) 512 بائٹس (b) 512 کلو بائٹس (c) 1.44 کلو بائٹس (d) 1.44 میگا بائٹس

28۔ کون سی فلاپی ڈسک ڈرائیو کو ظاہر کرتی ہے؟

(a) C: (b) A: (c) D: (d) E:

29۔ کون سا ثنائی عدد اعشاری عدد 10 کے برابر ہے؟

(a) 1000 (b) 1100 (c) 1010 (d) 1001

30۔ سٹینڈرڈ فلاپی ڈسک کا سائز ہے:

(a) $4\frac{1}{2}''$ (b) $2\frac{1}{2}''$ (c) $3\frac{1}{2}''$ (d) $5\frac{1}{2}''$

31۔ فائل یا فولڈر کی خصوصیات دیکھنے کے لئے کون سا ماؤس بٹن استعمال ہوتا ہے؟

(a) بایاں بٹن (b) سکرول وھیل (c) دایاں بٹن (d) ڈبل کلک

32۔ کون سی سسٹم بس کنٹرول معلومات کی ترسیل کرتی ہے؟

(a) ڈیٹا بس (b) کنٹرول بس (c) ایڈریس بس (d) سسٹم بس

33۔ اونچے درجے کے پروگرام کو مشین کوڈ میں کون بدلتا ہے؟

(a) یوزر (b) پروگرامر (c) اسمبلر (d) کمپائلر

34۔ ایسا پروگرام جو کمپیوٹر سے وائرس تلاش کر کے ختم کر دے کہلاتا ہے:

(a) وائرس (b) اینٹی وائرس (c) میکنٹوش (d) انٹرنیٹ ایکسپلورر

35۔ آپریٹنگ سسٹم کو کہا جاتا ہے؟

(a) کمپیوٹر ہارڈ ویئر (b) ایپلی کیشن سافٹ ویئر
(c) سسٹم سافٹ ویئر (d) میموری

36۔ ڈاس کا انٹرفیس کہلاتا ہے:

(a) مینو انٹرفیس (b) کمانڈ لائن انٹرفیس
(c) ڈیزائن انٹرفیس (d) سسٹم انٹرفیس

37۔ X+Y=Y+X کس کا اظہار ہے؟

(a) قانون تلازمہ (b) قانون لاگو (c) قانون مبادلہ (d) قانون تقسیمی

38۔ کون سا آلہ سسٹم یونٹ کے اندر رہے؟

(a) مونیٹر (b) ماؤس (c) ہارڈ ڈسک (d) کی بورڈ

39۔ HP3000 کس کمپیوٹر کی مثال ہے؟

(a) سپر کمپیوٹر (b) مائیکرو کمپیوٹر (c) منی کمپیوٹر (d) پاکٹ کمپیوٹر

40۔ کون سا ان پٹ آلہ آواز داخل کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

(a) کی بورڈ (b) ماؤس (c) مائیکروفون (d) سکینر

41۔ ایک نبل میں کتنی بٹس ہوتی ہیں؟

(a) 1 (b) 4 (c) 2 (d) 8

42۔ یونی کوڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بٹس کوڈ ہے۔

(a) 16 (b) 64 (c) 32 (d) 24

43۔ بولین الجبرا میں $\overline{X}$ برابر ہے:

(a) 1 (b) X (c) 0 (d) $\overline{X}$

44۔ کون سا سسٹم سافٹ ویئر ہے؟

(a) مائیکروسافٹ ورڈ (b) مائیکروسافٹ ایکسل

(c) انٹرنیٹ ایکسپلورر (d) ڈاس

45۔ مائیکروسافٹ ورڈ فائلز کی ایکسٹینشن ہے۔

(a) xls (b) doc (c) ppt (d) msb

46۔ کمپیوٹر وائرس صرف:

(a) ایک بیماری ہے (b) ایک کمپیوٹر کوڈ ہے

(c) بیکٹریا کی ایک قسم ہے (d) ہارڈ ویئر کا کمپونینٹ ہے

47۔ بولین الجبرا میں AND آپریٹر کو ظاہر کیا جاتا ہے؟

(a) * (b) + (c) - (d) .

48۔ ڈاس میں کمانڈز کی تعداد ہے:

(a) 6 (b) 4 (c) 2 (d) 1

49۔ ایکسل فائلوں کی ایکسٹینشن ہوتی ہے:

(a) .doc (b) .xls (c) .ppt (d) .mdb

50۔ فولڈر رہوتا ہے:

(a) فائلوں کا مجموعہ (b) ڈیٹا کا مجموعہ (c) آئیکون کا دوسرا نام (d) کوئی نہیں

51۔ ایک چھوٹی تصویر جو کسی پروگرام یا فائل کو ظاہر کرتی ہے:

(a) مینو (b) GUI (c) کنٹرول بٹن (d) آئیکون

52۔ کون سا کمپیوٹر سب سے زیادہ طاقتور ہے؟

(a) مائیکرو کمپیوٹر (b) منی کمپیوٹر (c) مین فریم کمپیوٹر (d) سپر کمپیوٹر

53۔ CU مخفف ہے:

(a) کنٹرول یونٹ (b) کیشے یونٹ (c) کیلکولیٹنگ یونٹ (d) کمیونیکیشن یونٹ

54۔ ایرو کیز کا دوسرا نام ہے؟

(a) ٹوگل کیز (b) فنکشن کیز (c) موڈیفائر کیز (d) کرسر کنٹرول کیز

55۔ MB مخفف ہے:

(a) میگا بائٹ (b) میگا بٹ (c) مکینیکل بیس (d) میگنیٹک بیس

56۔ آکٹل عددی نظام میں ہندسوں کی تعداد:

(a) 8 (b) 7 (c) 10 (d) 14

57۔ اعشاری عددی نظام کی بیس ہے:

(a) 2 (b) 8 (c) 10 (d) 16

58۔ ایک بائٹ برابر ہے:

(a) 6bits (b) 2bits (c) 4bits (d) 8bits

59۔ گیمز کھیلنے کے لئے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟

(a) ماؤس (b) کی بورڈ (c) جوائے سٹک (d) پین

60۔ ان پٹ آلہ ہے:

(a) ماؤس (b) مانیٹر (c) پرنٹر (d) پلاٹر

61۔ پرسنل کمپیوٹر کا ایک اور نام ہے:

(a) منی کمپیوٹر (b) مائیکرو کمپیوٹر (c) اینالوگ (d) سپر کمپیوٹر

62۔ آئی سی کون سی جنریشن کے کمپیوٹر میں استعمال کئے گئے؟

(a) پہلی (b) دوسری (c) تیسری (d) چوتھی

63۔ ونڈوز۔۔۔۔۔۔کی مشہور پراڈکٹ ہے۔

(a) مائیکروسافٹ (b) ایپل (c) سن سسٹم (d) IBM

64۔ نئی ڈائریکٹری بنانے کے لئے کون سی کمانڈ ہے؟

(a) Md (b) Rmdir (c) Ver (d) Der

65۔ سافٹ ویئر کی کتنی اقسام ہیں؟

(a) 1 (b) 2 (c) 8 (d) 4

66۔ $(0101010)_2$ کا 2 کا کمپلیمنٹ ہے:

(a) 1010110 (b) 1010101 (c) 0001001 (d) 000001

67۔ کون سا انٹرنیٹ تک رسائی کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

(a) ونڈوز ایکسپلورر (b) انٹرنیٹ ایکسپلورر (c) ری سائیکل بن (d) مائی کمپیوٹر

68۔ کون سی قسم کا آلہ ڈیٹا کو اس شکل میں بدلتا ہے، جسے ہم سمجھ سکتے ہیں؟

(a) ان پٹ (b) آؤٹ پٹ (c) سٹوریج (d) بس

69۔ CD-ROM کی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت تقریباً ہے۔

(a) 100 MB (b) 700 MB (c) 512 MB (d) 256 MB

70۔ کس لینگوئج کو مصنوعی ذہانت کے لئے بنایا گیا؟

(a) جاوا (b) C++ (c) کوبول (d) لسپ

71۔ متوازی پورٹ میں ہوتی ہیں:

(a) 45 Pins (b) 35 Pins (c) 25 Pins (d) 12 Pins

72۔ Del*.* ۔۔۔۔۔۔۔۔۔فائلز ختم کر دیتی ہے۔

(a) تمام (b) 2 (c) 3 (d) 4

73۔ ونڈوز ایکسپلورر کتنے حصوں میں تقسیم ہوتا ہے؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

74۔ چوتھی جنریشن کے کمپیوٹر میں استعمال کیا گیا:

(a) ویکیوم ٹیوبز (b) ٹرانزسٹرز (c) انٹی گریٹڈ سرکٹ (d) مائیکروپروسیسر

75۔ T-90 کمپیوٹر کی مثال ہے:

(a) سپر کمپیوٹر (b) مین فریم کمپیوٹر (c) منی کمپیوٹر (d) مائیکروکمپیوٹر

76۔ کون سی کی پروگرام سے باہر نکلنے کے لئے استعمال ہوتی ہے؟

(a) ENTER (b) TAB (c) ESC (d) DELETE

77۔ بٹ مخفف ہے:

(a) بائنری ڈیجٹ (b) بائٹ ڈیجٹ (c) بیس ڈیجٹ (d) بیسک ڈیجٹ

78۔ بولین الجبرا میں $A.\overline{A}$ برابر ہے۔

(a) 1 (b) 0 (c) A (d) $\overline{A}$

79۔ کس سائنسدان نے 1971ء میں انٹل کمپنی کے لئے پہلا مائیکروپروسیسر بنایا؟

(a) ٹیڈ ہوف (b) وان نیومن (c) جان ایکرٹ (d) چارلس بابج

80۔ عمومی مقاصد کے لئے سنگل یوزر کمپیوٹر ہے۔

(a) سپر کمپیوٹر (b) پرسنل کمپیوٹر (c) مین فریم کمپیوٹر (d) منی کمپیوٹر

81۔ کمپیوٹر سے منسلک ان پٹ اور آؤٹ پٹ آلات کہلاتے ہیں:

(a) پیری فرل (b) بسیں (c) سلاٹس (d) پورٹس

82۔ سافٹ کاپی آؤٹ پٹ حاصل کرنے کے لئے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟

(a) پرنٹر (b) پلاٹر (c) مونیٹر (d) سکینر

83۔ 2^0 برابر ہے۔

(a) 1 (b) 0 (c) 2 (d) 20

84۔ کون سی کمانڈ ڈائریکٹری کو اس کے مندرجات سمیت ختم کرتی ہے؟

(a) DEL (b) RD (c) DELTREE (d) KILL

85۔ سافٹ ویئر انسٹال اور ختم کرنے کے لئے ہے۔

(a) کنٹرول پینل (b) ونڈو ایکسپلورر (c) ٹاسک بار (d) ری سائیکل بن

86۔ پروسیسنگ کے بعد ڈیٹا کہلاتا ہے:

(a) آؤٹ پٹ ڈیٹا (b) نمونہ ڈیٹا (c) سٹوریج (d) انفارمیشن

87۔ بولین الجبرا میں A.1 برابر ہے:

(a) 1 (b) 0 (c) A (d) $\overline{A}$

88۔ سسٹم یونٹس کی ساکٹس جن میں تاریں لگائی جاتی ہیں کہلاتی ہیں:

(a) لنکس (b) بس (c) پورٹس (d) پروسیسر

89۔ تیسری جنریشن کے کمپیوٹرز استعمال کرتے تھے:

(a) ویکیوم ٹیوبز (b) انٹی گریٹڈ سرکٹس
(c) ٹرانزسٹرز (d) مائیکروپروسیسر

90۔ منی کمپیوٹرز مائیکرو کمپیوٹرز سے ہوتے ہیں:

(a) سست (b) مہنگے (c) چھوٹے (d) کم طاقتور

91۔ کون سا آلہ سسٹم یونٹ کے اندر موجود نہیں ہے؟

(a) ریم (b) ہارڈ ڈسک (c) مانیٹر (d) موڈیم

92۔ کی بورڈ ایک ڈیوائس ہے:

(a) ان پٹ (b) سٹوریج (c) آؤٹ پٹ (d) سافٹ ویئر

93۔ میموری کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے؟

(a) ورڈ (b) فائلز (c) بٹ (d) نمبر

94۔ چار متغیرات کے ساتھ بولین فنکشن میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میکس ٹرمز ہوتے ہیں۔

(a) 8 (b) 16 (c) 24 (d) 32

95۔ ہارڈ ڈسک ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈسک ہے۔

(a) آپٹیکل (b) مقناطیسی (c) رینڈم ایکسیس (d) ریڈ اونلی

96۔ سسٹم یونٹ کا اہم جزو ہے:

(a) کی بورڈ (b) مونیٹر (c) مدر بورڈ (d) ماؤس

97۔ سلائیڈ رول ایک مثال ہے:

(a) ڈیجیٹل کمپیوٹرز (b) اینالوگ کمپیوٹرز (c) ہائبرڈ کمپیوٹرز (d) پرسنل کمپیوٹرز

98۔ پہلی جنریشن کے کمپیوٹرز استعمال کرتے ہیں:

(a) ویکیوم ٹیوبز (b) انٹی گریٹڈ سرکٹس

(c) ٹرانزسٹرز (d) مائیکروپروسیسرز

99۔ DOS۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(a) ایک آپریٹنگ سسٹم (b) ایک آپریٹنگ سسٹم نہیں

(c) GUI رکھتی (d) ایک فائل

100۔ کون سی اکائی سب سے بڑی ہے؟

(a) میگابائٹ (b) ٹیرابائٹ (c) گیگابائٹ (d) کلوبائٹ

101۔ نمبر سسٹم کی۔۔۔۔۔۔اقسام ہیں۔

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

102۔ بولین الجبرا میں OR آپریٹر کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

(a) * (b) . (c) + (d) -

103۔ آواز کے لئے کون سی ایکسٹینشن فائل استعمال ہوتی ہے؟

(a) .mdb (b) .wav (c) .doc (d) .ppt

104۔ DIR کمانڈ کے ساتھ استعمال ہونے والے وائلڈ کارڈز ہیں۔

(a) *,? (b) *,# (c) ?,# (d) ?,$

105۔ آج کل جدید کمپیوٹر کی سب سے عام قسم ہے؟

(a) سپر کمپیوٹر (b) منی کمپیوٹر (c) پرسنل کمپیوٹر (d) اینالاگ کمپیوٹر

106۔ ہیکساڈیسیمل عددی نظام میں ہندسوں کی تعداد ہے:

(a) 15 (b) 16 (c) 17 (d) 18

107۔ کون سا ماؤس ایونٹ ہے؟

(a) کی ڈاؤن (b) کی اَپ (c) رائٹ کلک (d) کی پریس

108۔ ڈیسک ٹاپ سکرین کے بیک گراؤنڈ میں بڑی تصویر کہلاتی ہے:

(a) امیج (b) آئیکون (c) وال پیپر (d) بیک گراؤنڈ

109۔ 32 لائنوں پر مشتمل بس ڈیٹا منتقل کر سکتی ہے۔

(a) 64 بٹس (b) 32 بٹس (c) 32 بائٹس (d) 52 بٹس

110۔ شٹ ڈاؤن آپشن۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں موجود ہوتی ہے۔

(a) ٹاسک بار (b) سٹارٹ مینیو (c) ڈیسک ٹاپ (d) ٹائٹل بار

111۔ درج ذیل میں سے کون سا سب سے طاقتور کمپیوٹر ہے؟

(a) مین فریم کمپیوٹر (b) مائیکرو کمپیوٹر (c) سپر کمپیوٹر (d) منی کمپیوٹر

112۔ ٹرمینل۔۔۔۔۔۔۔ پر مشتمل ہوتا ہے۔

(a) کی بورڈ، ماؤس اور پرنٹر (b) کی بورڈ اور مونیٹر

(c) ماؤس اور مونیٹر (d) سسٹم یونٹ اور اِن پٹ / آؤٹ پٹ آلات

113۔ منی کمپیوٹر ہے:

(a) مائیکرو کمپیوٹر سے تیز ہے (b) مائیکرو کمپیوٹر سے مہنگا ہے

(c) مائیکرو کمپیوٹر سے سائز میں چھوٹا ہے (d) a اور b دونوں

114۔ ارتھمیٹک اور لاجک یونٹ پر فارم کر سکتے ہیں۔

(a) جمع (b) تفریق (c) ضرب (d) یہ تمام

115۔ کمپیوٹر کی بورڈ پر کیز کو حسبِ ذیل اقسام میں تقسیم کرتے ہیں۔

(a) ایلفانومیرک کیز (b) نومیرک کیز (c) فنکشن کیز (d) یہ تمام

116۔ ٹیپ سٹوریج ہوتی ہے:

(a) ہارڈ ڈسک سے کم رفتار (b) ہارڈ ڈسک سے تیز رفتار

(c) براہِ راست ایکسیس آلہ (d) یہ تمام

117۔ ہیکساڈیسیمل عدد $10_{(16)}$ کے برابر ہے۔

(a) $10_{(10)}$ (b) $100_{(10)}$ (c) $16_{(10)}$ (d) یہ تمام

118۔ ایکس کاپی

(a) سب فولڈرز کو بھی کاپی کر سکتی ہے (b) ایکسٹرنل ڈاس کمانڈ ہے

(c) a اور b دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

119۔ کمپیوٹر کی کتنی اقسام ہیں؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

120۔ کون سا کمپیوٹر پورٹ ایبل ہے؟

(a) اینالاگ (b) سُپر (c) مارک I (d) لیپ ٹاپ

121۔ پروسیسر میں عارضی سٹوریج لوکیشن کو کہتے ہیں:

(a) مین میموری (b) بسز (c) رجسٹرز (d) روم

122۔ تصویری ڈیٹا کو داخل کرنے کے لئے ڈیوائس استعمال ہوتی ہے:

(a) کی بورڈ (b) ماؤس (c) سکینر (d) مائیکروفون

123۔ کون سی الفانومیرک ڈیٹا کی ہے؟

(a) 456 (b) 3.54 (c) 100km (d) 101

124۔ کون سی ڈاس ایکسٹرنل کمانڈ ہے؟

(a) ver (b) x copy (c) copy (d) del

125۔ اینٹی وائرس ہے:

(a) سافٹ ویئر (b) ہارڈویئر (c) فلاپی (d) سی ڈی

126۔ مائیکروسافٹ پاورپوائنٹ ایکسٹینشن ہے۔

(a) .xls (b) .ppt (c) .html (d) .php

127۔ سسٹم یونٹ کا اہم جزو ہے۔

(a) کی بورڈ (b) مونیٹر (c) مدربورڈ (d) ماؤس

128۔ (011)4752105 ہے۔

(a) نومیرک ڈیٹا (b) ایلفانومیرک ڈیٹا (c) ایلفابیٹک ڈیٹا (d) ٹیکسٹ ڈیٹا

129۔ A+O برابر ہے:

(a) O (b) 1 (c) AO (d) A

130۔ یوزر کو کمانڈ لائن انٹرفیس مہیا کرتا ہے۔

(a) ونڈوز (b) فولڈر (c) ڈرائیو (d) ڈاس

131۔ آئیکن ایک ----------- ہے۔

(a) گرافک امیج (b) ورڈفائل (c) ساؤنڈ فائل (d) وائرس

132۔ ------ ڈیٹا اٹھاتی ہے۔

(a) ڈیٹابس (b) ایڈریس بس (c) کنٹرول بس (d) سسٹم بس

133۔ روم کی قسم ہے:

(a) سٹیٹک ریم (b) پی رَوم (c) ڈی رَوم (d) ریم

134۔ مشین لینگویج میں ہدایات لکھی جاتی ہیں۔

(a) انگریزی کوڈ (b) بائنری کوڈ (c) لِنک کوڈ (d) نیمونکس

135۔ کمپیوٹر میں بسز کی اقسام ہیں:

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

136۔ ------ایک پوائنٹنگ ڈیوائس ہے:

(a) لائیٹ پین (b) کی بورڈ (c) ٹائپ رائٹر (d) کیلکولیٹر

137۔ بائنری نمبر کی اساس ہے:

(a) 2 (b) 10 (c) 8 (d) 16

138۔ لینگویج ٹرانسلیٹر کی اقسام ہیں:

(a) 1 (b) 2 (c) 3 (d) 4

139۔ ڈیجیٹل ڈیٹا محفوظ کیا جاتا ہے:

(a) فولڈرز میں (b) ڈائریکٹریز میں (c) فائلز میں (d) پاتھ میں

140۔ Klez ایک ہے:

(a) وائرس (b) گیم (c) آدمی (d) ہارڈویئر

141۔ ڈاس میں سکرین صاف کرنے کے لئے کمانڈ استعمال ہوتی ہے:

(a) DEL (b) CMD (c) RD (d) CLS

142۔ ہارڈ کاپی آؤٹ پٹ کے لئے آلہ استعمال کیا جاتا ہے:

(a) سپیکر (b) کی بورڈ (c) پرنٹر (d) مونیٹر

143۔ عارضی میموری یہ بھی کہلاتی ہے:

(a) ہارڈ ڈسک (b) ریم (c) روم (d) یو۔ایس۔بی

144۔ پوائنٹر کا دوسرا نام ہے:

(a) ایرو (b) پکسل (c) چپ (d) پین

145۔ کون سی پورٹ ایک وقت میں ایک بٹ ڈیٹا بھیجتی ہے؟

(a) سیریل (b) متوازی (c) یو۔ایس۔بی (d) ایچ۔ڈی۔ایم۔آئی

146۔ C لینگویج کس نے بنائی؟

(a) وان نیومن (b) الخوارزمی (c) ڈینس رچی (d) چارلس بابیج

147۔ اسمبلی لینگویج استعمال کرتی ہے:

(a) انگریزی الفاظ (b) ثنائی ہندسے (c) نیمونکس (d) صفر اور ایک

148۔ کون سا انٹرفیس آئیکون اور ونڈوز استعمال کرتا ہے؟
(a) کمانڈ لائن (b) گرافیکل یوزر (c) ڈاس بیسڈ (d) کمانڈ ڈریون

149۔ بولین الجبرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا الجبرا ہے۔
(a) سینٹیکس (b) رن ٹائم (c) لاجک (d) سیمینٹکس

150۔ ہیکساڈیسیمل نمبر سسٹم میں "A" کو ظاہر کیا جاتا ہے:
(a) 10 (b) 12 (c) 13 (d) 14

151۔ کرے T90 ایک مثال ہے:
(a) سپر کمپیوٹر (b) مین فریم کمپیوٹر (c) منی کمپیوٹر (d) مائیکرو کمپیوٹر

152۔ ونڈوز؟
(a) GUI رکھتے ہیں (b) آپریٹنگ سسٹم نہیں ہے
(c) کمپائلر ہے (d) پرنٹر ہے

153۔ یہ کمپیوٹر کو خاصا نقصان پہنچا سکتا ہے:
(a) سسٹم سافٹ ویئر (b) ایپلیکیشن سافٹ ویئر
(c) اینٹی وائرس (d) وائرس

154۔ فائل کا نام اور ایکسٹینشن کے درمیان ہوتا ہے:
(a) پیریڈ(.) (b) کوما(,) (c) سیمی کون(;) (d) کولن(:)

155۔ کون سا کمپیوٹر سپر کمپیوٹر کی مثال ہے؟
(a) Cray T90 (b) HP3000 (c) IBM PC (d) IBM S/390

156۔ یو ایس بی پورٹس کتنے آلات منسلک کر سکتی ہے؟
(a) 127 (b) 250 (c) 300 (d) 400

157۔ طلباء کے نام ظاہر کرنے کے لئے ڈیٹا کی کون سی قسم استعمال ہوتی ہے؟
(a) نومیرک ڈیٹا (b) الفابیٹک ڈیٹا (c) الفانومیرک ڈیٹا (d) تصویری ڈیٹا

158۔ کون سی فائل میں ڈاس کی اندرونی کمانڈز ہوتی ہیں؟
(a) بیچ فائل (b) ایگزیکیوٹیبل فائل (c) آبجیکٹ فائل (d) کمانڈ فائل

159۔ QWERTY اور D-Vorak بحوالہ استعمال ہوتا ہے:
(a) کی بورڈ لے آؤٹ (b) ماؤس لے آؤٹ (c) سکرین لے آؤٹ (d) سافٹ ویئر

160۔ ڈیٹا کو کہتے ہیں:
(a) فیکٹ (b) فیکٹس اینڈ فگر (c) سافٹ ویئر (d) پروگرام

161۔ کون سا پرنٹر لیزر بیم استعمال کرتا ہے؟

(a) ڈاٹ میٹرکس پرنٹر (b) ڈیزی وھیل پرنٹر (c) لیزر پرنٹر (d) انک جیٹ پرنٹر

162۔ بولین الجبرا بنایا گیا:

(a) 1847ء (b) 1947ء (c) 1915ء (d) 1940ء

163۔ میموری کے سیل کو منطقی طور پر منظم کیا جاتا ہے۔

(a) 8بٹس (b) 5بٹس (c) 12بٹس (d) 24بٹس

164۔ ---------ایک اصطلاح ہے جو منظم کمپیوٹر ڈیٹا اور ہدایات کے لئے استعمال ہوتی ہے:

(a) کمپیوٹر سافٹ ویئر (b) کمپیوٹر ہارڈ ویئر (c) مین آئیکون (d) فولڈر

165۔ کمپیوٹر ایک----------- آلہ ہے۔

(a) مکینیکل (b) آپٹیکل (c) الیکٹرانک (d) الیکٹریکل

166۔ پروگرام اور ڈیٹا کو میموری میں محفوظ کرنے کا تصور پیش کیا؟

(a) جان وان نیومن (b) ڈاکٹر عبدالقدیر (c) ڈاکٹر عبدالسلام (d) پاسکل

167۔ ریم کے اندر ڈیٹا اور پروگرام---------طور پر محفوظ ہوتے ہیں۔

(a) عارضی (b) مستقل (c) ٹیپ سٹوریج (d) پروگرام

168۔ درج ذیل میں سے کون سا ایپلی کیشن سافٹ ویئر ہے؟

(a) ونڈوز (b) لینکس (c) ایم۔ایس۔ایکسل (d) ڈاس

169۔ پرسنل کمپیوٹر کے لئے سب سے مقبول آپریٹنگ سسٹم ہے؟

(a) ڈاس (b) یونیکس (c) ونڈوز (d) لینکس

170۔ ایک سادہ منطقی عمل کو سرانجام دیتا ہے:

(a) بولین الجبرا (b) گیٹ (c) الیکٹریکل پلس (d) ٹروتھ ٹیبل

171۔ کون سا پروگرام اسمبلی لینگویج کوڈ کو مشین کوڈ میں تبدیل کرتا ہے؟

(a) اسمبلر (b) انٹرپریٹر (c) کمپائلر (d) لنکر

172۔ کسی اوبجیکٹ کی خصوصیات دیکھنے کے لئے کون سا ماؤس ایونٹ استعمال ہوتا ہے؟

(a) بائیں کلک (b) دائیں کلک (c) ڈبل کلک (d) ڈریگ

173۔ کمپیوٹر کا دماغ جو پروگرام کی ہدایات کو چلاتا ہے:

(a) ریم (b) مدر بورڈ (c) سسٹم یونٹ (d) سی پی یو

174۔ انوولوشن کی علامت ہے:

(a) $\overline{X+Y}$ (b) $\overline{W.Y}$ (c) $\overline{X}$ (d) $\overline{\overline{X}}$

175۔ کمپیکٹ ڈسک کا قطر ہوتا ہے:
(a) پانچ انچ (b) 4.72انچ (c) 3.5انچ (d) آٹھ انچ

176۔ DATE کمانڈ ہے:
(a) اندرونی (b) بیرونی (c) ونڈوز (d) ب اور ج دونوں

177۔ جوائے سٹک میں کتنے بٹن لگے ہوتے ہیں؟
(a) ایک (b) چار (c) تین (d) دو

178۔ ---------ایک گرافک امیج ہے۔
(a) مینیو (b) ڈیسک ٹاپ (c) آئیکن (d) کلر

179۔ سنٹرل پروسیسنگ یونٹ الیکٹرانک سرکٹری کا ایک---------سیٹ ہے۔
(a) آسان (b) بڑا (c) پیچیدہ (d) تحتی سیٹ

180۔ کون سا پروگرام ایک وقت میں سورس کوڈ کو لائن بائی لائن ترجمہ کر کے چلاتا ہے؟
(a) لنکر (b) کمپائلر (c) انٹرپریٹر (d) اسمبلر

181۔ ایسی بس جو سنٹرل پروسیسنگ یونٹ اور میموری کے درمیان ڈیٹا منتقل کرتی ہے، کہلاتی ہے:
(a) ان پٹ / آؤٹ پٹ بس (b) ڈیٹا بس
(c) کمپیوٹر بس (d) ایڈریس بس

182۔ سٹور پر اشیاء---------کے ذریعے مارک کی جاتی ہیں۔
(a) پن کوڈ (b) مشین کوڈ (c) بارکوڈ ریڈر (d) پرنٹر

183۔ یونیکس آپریٹنگ سسٹم کس لینگوئج میں بنایا گیا؟
(a) جاوا (b) سی (c) کوبول (d) لسپ

184۔ کمپائلر کی آؤٹ پٹ ہے:
(a) سورس پروگرام (b) اپیلی کیشن پروگرام
(c) سسٹم پروگرام (d) اوبجیکٹ پروگرام

185۔ کیپس لاک کی ہے:
(a) ٹوگل کی (b) ونڈو کی (c) موڈیفائر کی (d) کرسر کنٹرول کی

186۔ درج ذیل میں سے کون سی بات پرسنل کمپیوٹر سے متعارف نہیں ہے؟
(a) 1981PCء میں IBM نے متعارف کروایا (b) یہ اینالاگ مشین ہے
(c) کمپیوٹر کو استعمال کرنا آسان ہے
(d) مائیکروسافٹ کارپوریشن کے ڈویلپ کیے گئے DOS اور ونڈوز آپریٹنگ سسٹم استعمال کرتا ہے

187۔ درج ذیل میں سے کون سا آلہ سسٹم یونٹ کے اندر نہیں ہوتا؟

(a) ریم (b) مانیٹر (c) ہارڈڈِسک (d) سی ڈی روم ڈرائیو

188۔ درج ذیل میں سے کون سا کمپیوٹر سسٹم کا حصہ ہے؟

(a) سی پی یو (b) میموری

(c) اِن پُٹ / آؤٹ پُٹ یونٹ (d) تمام

189۔ سسٹم بس کو درج ذیل یونٹس کو ملانے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے:

(a) مین میموری (b) سی پی یو

(c) اِن پُٹ / آؤٹ پُٹ آلات (d) a تا c

190۔ درج ذیل میں سے کون کمپیوٹر میں بس کی قسم نہیں ہوتی؟

(a) ڈیٹا بس (b) ایڈریس بس (c) پاور بس (d) کنٹرول بس

191۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا اِن پُٹ آلہ نہیں ہے؟

(a) مقناطیسی ٹیپ یونٹس (b) فلاپی ڈسک ڈرائیو یونٹس

(c) مونیٹر (d) کی بورڈ

192۔ کون سا آلہ لیزر شعاعوں سے مخصوص سیاہی جسے ٹونر کہتے ہیں، کو کاغذ پر چلا کر مستقل کیریکٹر بناتا ہے؟

(a) ڈاٹ میٹرکس پرنٹر (b) ڈیزی ویل پرنٹر (c) لیزر پرنٹر (d) اِنک جیٹ پرنٹر

193۔ کیش میموری مین میموری سے:

(a) تیز رفتار (b) کم رفتار (c) چھوٹی (d) a اور c

194۔ امپیکٹ پرنٹرز:

(a) طباعت کے دوران کاغذ کی سطح کو ٹچ کرتے ہیں (b) طباعت کے دوران کاغذ کی سطح کو ٹچ نہیں کرتے

(c) نان امپیکٹ پرنٹر سے تیز ہوتے ہیں (d) تمام

195۔ سٹیٹک ریم:

(a) فہرست کا وقفہ وقفہ سے ری فریش ہونا درکار ہوتا ہے

(b) فہرست کا وقفہ وقفہ سے ری فریش ہونا درکار نہیں

(c) ڈی ریم سے تیز تر ہوتی ہے (d) b اور c

196۔ ہیکساڈیسیمل $100_{(16)}$ کے برابر ہے:

(a) $00001\ 0000\ 0000_{(2)}$ (b) $256_{(10)}$

(c) $400_{(8)}$ (d) پہلے تمام

197۔ منفی بائنری عدد کا 1 کمپلیمنٹ حاصل کیا جاتا ہے:

(a) عدد میں بِٹس کو اُلٹنے سے (b) عدد میں بِٹس کو اُلٹنے اور ایک جمع کرنے سے

(c) کیلکولیٹ نہیں کیا جاسکتا (d) a اور b دونوں

198۔ K-میپ استعمال ہوتا ہے:

(a) بولین جملہ کی قیمت معلوم کرنے کے لئے　(b) بولین جملے کو مختصر کرنے کے لئے

(c) a اور b دونوں　(d) کوئی نہیں

199۔ دو متغیرات x اور y کے لئے آئیڈیمپوٹینٹ کا قانون بیان کرتا ہے:

(a) x+x.y=x+y اور x.(x+y)=x　(b) x.x=x اور x+x=x

(c) $\overline{\overline{x}} = x$　(d) کوئی نہیں

200۔ *.lass ? DIR کمانڈ:

(a) تمام فائلوں کو جن کے آخری چار کیریکٹر lass ہیں اور ایکسٹینشن کوئی بھی ہے

(b) تمام فائلوں کو جو کسی بھی کیریکٹر سے شروع ہو رہی ہیں اور ایکسٹینشن کوئی بھی ہے

(c) تمام فائلوں کو جو کسی بھی کیریکٹر سے شروع ہو رہی ہو لیکن آخری چار کیریکٹر lass ہیں

(d) کوئی نہیں

201۔ RMDIR کمانڈ:

(a) ڈائریکٹری بناتی ہے　(b) ڈائریکٹری ختم کرتی ہے

(c) فائل کاپی کرتی ہے　(d) کوئی نہیں

202۔ DIR**:

(a) .doc ایکسٹینشن والی تمام فائلوں کو لسٹ کرتی ہے

(b) تمام فائلوں کو لسٹ کرتی ہے

(c) تمام فائلوں کو جن کا نام sample ہے لسٹ کرتی ہے

(d) کوئی نہیں

203۔ ۔۔۔۔۔۔ ایک ایسا راستہ ہے جو کہ ایک ایسے کمپیوٹر جس پر ونڈوز لوڈ ہوا ہو کے بہت سارے کاموں کو ایکسیس کرتا ہے:

(a) ٹاسک بار　(b) فولڈرز　(c) سٹارٹ بٹن　(d) ماؤس

204۔ کنٹرول پینل کی مدد سے کون سے مندرجہ ذیل فیچرز کو کسٹمائز کیا جا سکتا ہے؟

(a) Appearance　(b) Themes

(c) پرنٹر اور دوسری ہارڈویئر　(d) تمام

☆☆☆☆☆

مختصر جوابی سوالات

باب نمبر: 1 کمپیوٹر سے تعارف

سوال 1: ایبکس سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ ایک لکڑی کا ریک ہے جس میں اُفقی سمت میں تاریں لگی ہوتی ہیں۔ ان تاروں میں موتی (دانے) پروئے ہوئے ہوتے ہیں۔ یوزر ان موتیوں کو یاد کیے گئے پروگرامنگ قوانین کے تحت اِدھر اُدھر حرکت دے کر تمام مقررہ حسابی مسائل حل کر سکتا ہے۔

سوال 2: وان نیومن تھیوری بیان کیجیے۔

جواب: وان نیومن تھیوری کے مطابق "ڈیٹا اور پروگرام کو ایک ہی میموری میں سٹور کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا مشین بذاتِ خود اپنے پروگرام یا انٹرنل ڈیٹا میں تبدیلی کر سکتی ہے۔" ان خیالات کے نتیجہ میں کمپیوٹنگ اور پروگرامنگ بہت تیز، مزید لچکدار اور بہتر ہو گئیں۔ کمپیوٹرز کے اس گروپ میں EDVAC اور UNIVAC شامل ہیں جو کہ تجارتی بنیاد پر بنائے گئے پہلے کمپیوٹرز تھے۔

سوال 3: ہولی رِتھ پنچ کارڈ کا استعمال بیان کیجیے۔

جواب: 1890ء میں ہولی رِتھ نے پہلا الیکٹرو مکینیکل پنچڈ کارڈ ٹیبولیٹر بنایا، جو پنچ کی گئی انفرمیشن کو پڑھ سکتا تھا۔ ان کارڈ کو سٹیک شکل میں رکھنا پڑتا تھا۔ IBM اور دوسرے کمپیوٹر مینوفیکچررز آگے بڑھے اور پنچڈ کارڈ استعمال کرنے والے کمپیوٹر بنائے جانے لگے۔ یہ کمپیوٹر صرف اعداد کو جمع، ضرب اور ترتیب دے سکتے تھے۔ انہیں ڈیٹا مہیا کیا جاتا تھا اور نتائج پنچڈ کارڈ پر حاصل ہو جاتے تھے۔ اُس وقت پنچڈ کارڈ ترقی کی طرف ایک بڑا قدم تھے۔ انہوں نے وسیع پیمانے پر اِن پٹ، آؤٹ پٹ اور میموری ذخیرہ کے طریقے مہیا کیے۔

سوال 4: تیسری جنریشن کمپیوٹرز میں ICs (انٹی گریٹڈ سرکٹس) کا کردار بیان کیجیے۔

جواب: ایک سنگل IC چپ ہزاروں ٹرانزسٹرز پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس طرح کمپیوٹر سائز میں چھوٹے، تیز تر، قابلِ اعتماد اور مزید سستے ہو گئے اور بڑے پیمانے پر کاروباری سلسلے میں مقبول عام ہوئے۔ ان کمپیوٹرز میں مقناطیسی مرکزی یادداشت اندرونی سٹوریج کے طور پر استعمال ہوئی۔ اس جنریشن کے کامیاب ترین کمپیوٹرز IBM System / 360 اور DEC PDP-8 تھے۔

سوال 5: اینالیٹیکل انجن کیا ہے؟

جواب: چارلس بابیج کا خیال تھا کہ اُس کے پاس ایک بہتر آئیڈیا ہے یعنی آٹومیٹک مکینیکل ڈیجیٹل کمپیوٹر کی بناوٹ کا آئیڈیا۔ یہ کمپیوٹر مکمل طور پر پروگرام کی مدد سے کنٹرول کیا جائے گا اور عام استعمال میں لایا جا سکے گا۔ بابیج نے اس خیالی مشین کو اینالیٹیکل انجن کا نام دیا۔

سوال 6: اسمبلر اور کمپائلر میں کیا فرق ہے؟

جواب: اسمبلر ایک پروگرام ہے جو کہ ایک اسمبلی لینگوئج پروگرام کو مشین کوڈز میں ٹرانسلیٹ کرتا ہے جبکہ کمپائلر ایک پروگرام ہے جو کہ ایک سورس پروگرام (جو کہ کسی اونچے درجے کی پروگرامنگ لینگوئج میں لکھا گیا ہو) کو مشین کوڈز میں ٹرانسلیٹ کرتا ہے۔ کمپائلر ایک پروگرام کو ایگزیکیوٹ کرنے سے پہلے اُسے پڑھتا ہے۔

سوال7: لِسپ (LISP) سے کیا مراد ہے؟

جواب: لسپ سے مراد لسٹ پروسیسنگ لینگوئج ہے۔ یہ مصنوعی ذہانت کی ریسرچ کے لیے بنائی گئی۔ چونکہ یہ ایک اعلیٰ سپیشلائزڈ فیلڈ کے لیے بنائی گئی، اس لیے اس کا سنٹیکس عام لینگوئجز سے بہت مختلف ہے۔ صرف لسپ میں ہی اپنے آپ میں تبدیلی پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ لہٰذا خود بخود بہتری کی طرف مائل رہتی ہے۔ لسپ اعلیٰ سپیشلائزڈ ہونے کے باعث آج کل استعمال ہو رہی ہے۔

سوال8: ٹرانسسٹر کے چار فائدے لکھیے۔

جواب: ٹرانسسٹر کے چار فوائد درج ذیل ہیں:

1۔ اسے کم جگہ درکار ہوتی ہے۔ 200 ٹرانسسٹرز کا سائز ایک ویکیوم ٹیوب کے برابر ہوتا ہے۔

2۔ یہ ویکیوم ٹیوب سے کافی کم قیمت ہیں۔ 3۔ ٹرانسسٹر ویکیوم ٹیوب سے 40 گنا تیز کام کرتا ہے۔

4۔ یہ ویکیوم ٹیوب کی طرح گرم نہیں ہوتا اور ٹوٹتا بھی نہیں۔

سوال9: C اور C++ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: 1972ء میں ڈینس رچی نے بیلز لیبارٹری میں کام کے دوران C لینگوئج بنائی۔ آپریٹنگ سسٹم بنانے کے لیے C بہت عام استعمال ہو رہی ہے، جیسا کہ UNIX، ونڈوز اور میکنٹوش او۔ ایس وغیرہ۔ یہ کمپائلر لکھنے کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ C++، C کا نیا ورژن ہے جو OOP (Objecte Oriented Programming) کے تصور کو استعمال کرتے ہوئے بنائی گئی۔ یہ کمپیوٹر سائنس کے نصابوں میں چوائس لینگوئج ہے۔

سوال10: سُپر کمپیوٹر سے کیا مراد ہے؟

جواب: سُپر کمپیوٹرز بہت زیادہ طاقتور اور سائز میں بہت بڑے ہیں۔ ان کو بہت زیادہ ڈیٹا پروسیس کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ ایک تیز ترین سُپر کمپیوٹر دس کھرب سے زیادہ کے حساب کتاب کا کام ایک سیکنڈ میں کر سکتا ہے۔ سُپر کمپیوٹر کی ایک مثال T90 کمپیوٹر ہے۔ سُپر کمپیوٹرز کی قیمت لاکھوں ڈالر ہو سکتی ہے۔

سوال11: ENIAC کے بارے میں بیان کیجیے۔

جواب: ENIAC پہلا عام مقصدی الیکٹرونک ڈیجیٹل کمپیوٹر تھا، جسے 1946ء میں جان ولیم ماؤکلی اور جان ایکرٹ نے ڈیزائن کیا۔ ENIAC سائز میں بہت بڑا اور بھاری تھا۔ یہ 140 کلوواٹ پاور خرچ کرتا تھا اور 5000 ایڈیشنز فی سیکنڈ حل کرنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ ENIAC ثنائی کی بجائے ایک اعشاری مشین تھی۔ یہی وجہ تھی کہ اعداد کو اعشاری شکل میں ظاہر کیا جاتا تھا اور حساب کو اعشاری سسٹم میں پرفارم کیا جاتا تھا۔ ENIAC کی بڑی قباحت سوئچز کو سیٹ کرتے ہوئے تاروں کو پلگ اور ان پلگ کرتے ہوئے ہاتھ سے پروگرامنگ کرنا ہوتی تھی۔

سوال12: پانچویں جنریشن کے کمپیوٹرز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: پانچویں جنریشن کے کمپیوٹنگ آلات کی بنیاد مصنوعی ذہانت پر ہے جو کہ ابھی ترقی کے مراحل میں ہے۔ اگرچہ وائس ریکگنیشن جیسی کچھ ایپلی کیشنز اب بھی استعمال ہو رہی ہیں۔ متوازی پروسیسنگ اور سُپر کنڈکٹرز کا استعمال مصنوعی ذہانت کو ایک حقیقت بنانے میں مدد دے رہا ہے۔ کوانٹم کمپیوٹیشن اور مالیکیولر اور نینو ٹیکنالوجی، آنے والے سالوں میں کمپیوٹر کا رُخ بدل دیں گی۔ پانچویں جنریشن کا ٹارگٹ ایسے آلات کی ترقی ہے جو قدرتی لینگوئج کے اِن پٹ کے مطابق کام کریں اور جو یاد رکھنے اور خود آرگنائزیشن کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

سوال13: اسمبلی لینگوئج کیا ہے؟

جواب: اسمبلی لینگوئج مشین لینگوئج کے بہت قریب ہے۔ اسمبلی لینگوئج میں کمانڈز کو چھوٹے ناموں سے ظاہر کیا جاتا ہے جنہیں نی مونکس کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر ld کا مطلب خاص ڈیٹا ویلیو کے ساتھ لوڈ ایکیومولیٹر ہے۔ چونکہ ہر ایک پروسیسر کا کام کرنے کا الگ انداز ہوتا ہے، اس لیے مختلف پروسیسر مختلف اسمبلی لینگوئجز استعمال کرتے ہیں۔ اسمبلی لینگوئج پروگرامنگ پیچیدہ ہے۔ لیکن یہ اونچے درجے کی لینگوئجز کے مقابلہ میں بہت زیادہ کنٹرول مہیا کرتی ہے۔ اسمبلی لینگوئج کوڈ میں لکھے گئے پروگراموں کا اسمبلر کے ذریعے مشین کوڈ میں ترجمہ کیا جاتا ہے۔ اسمبلر کو استعمال کرتے ہوئے مشین کوڈ کو واپس اسمبلی لینگوئج کوڈ میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

باب نمبر:2 کمپیوٹر کے اجزا

سوال14: یو ایس بی پورٹ کی تعریف کیجیے۔

جواب: USB (یونیورسل سیریل بَس) ایک پلگ اور پلے ہارڈ ویئر انٹرفیس ہے جیسا کہ کی بورڈ، ماؤس، جوائے سٹک، سکینر، پرنٹر اور موڈیم۔ USB کے بینڈ کی زیادہ سے زیادہ چوڑائی 12Mbps اور اس کے ساتھ 127 آلات لگائے جاسکتے ہیں۔ USB کے ساتھ ایڈیپٹر کارڈ لگائے بغیر کمپیوٹر میں ایک نیا آلہ لگایا جاسکتا ہے۔ اسے PC کے عقبی حصہ کی مخصوص جگہ پر دیکھا جاسکتا ہے۔

سوال15: مدر بورڈ سے کیا مراد ہے؟

جواب: سسٹم یونٹ کا سب سے اہم جزو ایک ٹھوس مستطیلی سرکٹ بورڈ ہوتا ہے جو مدر بورڈ کہلاتا ہے۔ تمام دوسرے اجزا اِس سے جڑے ہوتے ہیں۔ یہ سلیکون کا بنا ہوتا ہے۔ مدر بورڈ پر الیکٹرونک پاتھ (راستہ) سسٹم یونٹ کے مختلف اجزا کو ایک دوسرے کے ساتھ منسلک کرتے ہیں۔ سسٹم یونٹ کے دوسرے اجزا RAM، ہارڈ ڈِسک ڈرائیو، فلاپی ڈسک ڈرائیو، مائیکرو پروسیسر وغیرہ ہیں۔

سوال16: کمپیوٹر کے دو بنیادی اجزاء کے نام لکھیے۔

جواب: کمپیوٹر سسٹم کے دو بنیادی اجزا مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ کمپیوٹر ہارڈ ویئر 2۔ کمپیوٹر سافٹ ویئر

سوال17: ALU کے آپریشنز کیا ہیں؟

جواب: ارتھمیٹک اور لاجک یونٹ (ALU)، الیکٹرونک سرکٹری پر مشتمل ہوتا ہے جو تمام ارتھمیٹک اور لاجک آپریشنز بجالاتا ہے۔ ارتھمیٹک اور لاجک یونٹ مندرجہ ذیل کام بجالا سکتا ہے:

1۔ جمع 2۔ تفریق 3۔ضرب 4۔ تقسیم 5۔لاجیکل آپریشنز

سوال18: **ہارڈ کاپی اور سوفٹ کاپی میں کیا فرق ہے؟**

جواب: کسی دستاویز کا الیکٹرونک ورژن، جس کو سٹوریج ڈیوائس پر سٹور کیا جاتا ہے، کو سوفٹ کاپی کہتے ہیں جب کہ برقی دستاویز کی چھپی ہوئی (Printed) شکل کو ہارڈ کاپی کہتے ہیں۔ ہارڈ کاپی کو ہم چھو سکتے ہیں اور محسوس کر سکتے ہیں جبکہ سوفٹ کاپی کو دیکھا تو جا سکتا ہے لیکن چھوا یا محسوس نہیں کیا جا سکتا۔

سوال19: **سی پی یو رجسٹر کیا ہوتے ہیں؟**

جواب: ALU اور CU کے علاوہ پروسیسر میں معلومات سٹور کرنے کے لیے سٹوریج لوکیشنز ہوتی ہیں، جن میں زیرِ استعمال انفرمیشن پروسیس کی جاتی ہے، یہ رجسٹرز کہلاتی ہیں۔ یہ ہدایات یا ڈیٹا کے لیے وقتی سٹوریج ہوتی ہیں۔ رجسٹر کو اس طرح منظم کیا جاتا ہے کہ وہ کنٹرول یونٹ کے ذریعے ہدایات یا ڈیٹا کو حاصل کرے، روکے رکھے اور انہیں منتقل کر سکے تاکہ ارتھمیٹک اور لاجک آپریشنز زیادہ تیز رفتاری سے عمل میں آئیں۔

سوال20: **ڈیٹا بس کی تعریف کیجیے۔**

جواب: سب سے زیادہ استعمال ہونے والی بس، ڈیٹا بس ہے۔ ڈیٹا بس ڈیٹا اٹھاتی ہے۔ یہ ایک الیکٹرونک پاتھ ہے جو کہ CPU، میموری، ان پٹ / آؤٹ پٹ آلات اور ثانوی سٹوریج آلات کو جوڑتا ہے۔ بس میں لائنز کے متوازی گروپس ہوتے ہیں۔ بس میں لائنز کی تعداد اُس رفتار پر جس سے ڈیٹا مختلف حصوں میں سفر کرتا ہے، اثر انداز ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح لین (Lane) کی تعداد موٹروے پر ٹریفک پر اثر انداز ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر 16 لائنوں کی بس 16 بِٹس اٹھا سکتی ہے اور 32 لائنوں کی بس ڈیٹا کے 32 بِٹس اٹھا سکتی ہے۔

سوال21: **EDP کی تعریف کیجیے۔**

جواب: EDP کا مطلب ہے "الیکٹرانک ڈیٹا پروسیسنگ (Electronic Data Processing)"۔ کمپیوٹر کے ذریعے ارتھمیٹک اور لاجک آپریشنز کو ادا کرنے کے عمل کو EDP کہتے ہیں۔ EDP سے حاصل ہونے والی معلومات قابل اعتماد ہوتی ہیں۔ اس عمل میں کمپیوٹر مختلف کام سرانجام دیتا ہے مثلاً ڈیٹا حاصل کرنا پروسس کرنے کے بعد نتائج اخذ کرنا۔

سوال22: **سسٹم سوفٹ ویئر سے کیا مراد ہے؟**

جواب: سسٹم سوفٹ ویئر ایسے پروگرامز ہیں جو کمپیوٹر ہارڈ ویئر کے اصل آپریشنز کو کنٹرول کرنے اور منظم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ عام طور پر سوفٹ ویئر ایک آپریٹنگ سسٹم اور کچھ بنیادی ضروریات جیسے ڈسک فارمیٹرز، فائل مینجرز، یوزر اتھنٹی کیشن اور نیٹ ورک کنٹرول سوفٹ ویئر وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔

سوال23: **پورٹ کی تعریف کیجیے۔**

جواب: پورٹ ساکٹ کی طرح کا ایک آلہ ہے جو ایک بیرونی آلہ، جیسا کہ پرنٹر کو کمپیوٹر سے منسلک کرتی ہے۔ کمپیوٹر اور بیرونی آلات کے درمیان تمام رابطہ، مناسب طریقے سے لگی ہوئی پورٹس کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ہر کمپیوٹر پر پورٹ کنیکٹر مدر بورڈ سے منسلک ہوتے ہیں۔ پورٹس کی تین بنیادی اقسام ہیں:

1۔ سیریل پورٹ 2۔ متوازی پورٹ 3۔ یونیورسل سیریل بَس (USB) پورٹ

سوال24: سیریل پورٹس کیا ہیں؟

جواب: ایک سیریل پورٹ، ایک سیریل ہارڈ ویئر آلے کو ایک وقت میں ایک بٹ کی معلومات کو منتقل کرتے ہوئے کمپیوٹر سے رابطہ پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے۔ سیریل آلات جیسا کہ ماؤس، موڈیمز اور کی بورڈ کو ڈیٹا کو تیزی سے منتقل کرنے کے لیے رفتار کی ضرورت نہیں ہوتی۔ سیریل پورٹس کو اکثر کمیونیکیشن پورٹس بھی کہا جاتا ہے۔ یہ کمپیوٹر کے عقبی حصہ میں ایک بیرونی پورٹ ہوتی ہے جو PC کے مدر بورڈ سے براہ راست جُڑی ہوتی ہے۔ یہ پورٹس اُن ابتدائی پورٹس میں سے ایک تھیں جو کمپیوٹر میں لگائی گئی تھیں۔ پرانی سیریل پورٹس میں 25 پِن والے کنیکٹرز استعمال ہوتے تھے جبکہ موجودہ سیریل پورٹس میں 9 پِن والے کنیکٹرز استعمال ہو رہے ہیں۔

سوال25: کمپیوٹر ہارڈ ویئر سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے بیان کیجیے۔

جواب: کمپیوٹر سسٹم کے وہ اجزا جن کو آپ چھو سکتے ہیں اور محسوس کر سکتے ہیں، ہارڈ ویئر کہلاتے ہیں۔ مثال کے طور پر مونیٹر، پرنٹر، سسٹم یونٹ، سکینر، سپیکر اور کی بورڈ وغیرہ۔

سوال26: آؤٹ پٹ یونٹ سے کیا مراد ہے؟ یہ کون سے آلات پر مشتمل ہے؟

جواب: کمپیوٹر کا آؤٹ پٹ یونٹ، آؤٹ پٹ آلات پر مشتمل ہوتا ہے۔ چونکہ یوزر کو ڈیٹا مختلف اشکال میں دیا جا سکتا ہے، اسی لیے مختلف آؤٹ پٹ آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسا کہ مونیٹر متن اور شبیہات کو سکرین پر دکھانے کے لیے، پرنٹر کاغذ پر آؤٹ پٹ حاصل کرنے کے لیے اور سپیکر وائس آؤٹ پٹ حاصل کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

باب نمبر:3 ان پٹ/آؤٹ پٹ آلات

سوال27: CD-R کیا ہے؟

جواب: ایک CDR ڈسک زیادہ سے زیادہ 700 میگا بائٹ یا 80 منٹ کے ڈیجیٹل یا ویڈیو پروگرام کے برابر ہے۔ فارمیٹس کو آپس میں ملانے کے لیے انفرمیشن کی مقدار ایک دوسرے کے متناسب ہوتی ہے۔ لہٰذا 350 میگا بائٹس ڈیٹا کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے پاس 40 منٹ ڈیجیٹل آڈیو یا ویڈیو کے پروگرامز کے لیے رہ گئے ہیں۔ CDR ڈسک کو کسی CDROM ڈرائیو رCD آڈیو پلیئر اور CD ویڈیو پلیئر پر استعمال کر سکتے ہیں۔ ایک CDR ڈسک صرف ایک دفعہ ریکارڈ کر سکتے ہیں اور جب ایک دفعہ ریکارڈ ہو جائے تو پھر اس کو مٹایا یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

سوال28: مائیکروفون کا استعمال بیان کیجیے۔

جواب: مائیکروفون ایک ایسا ان پٹ آلہ ہے جو کہ سمعی یا صوتی ڈیٹا کو ڈیجیٹلی ریکارڈ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کو ہم کمپیوٹر یا ریکارڈر کے ساتھ پلگ کر سکتے ہیں۔ بہت سے پروگرام مائیکروفون کی آواز کو ریکارڈ کر سکتے ہیں۔ ان کی مدد سے یوزر ٹیکسٹ لکھوا سکتا ہے یا زبانی طور پر کمانڈز دے سکتا ہے۔ کمپیوٹر میں سوفٹ ویئر آواز کی لہروں کو ڈیجیٹل شکل میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ پھر اس کو کمپیوٹر کی میموری میں سٹور کر لیتے ہیں اور بوقت ضرورت پروسیس کر لیتے ہیں۔

سوال29: کی بورڈ کی تعریف کیجیے۔

جواب: کی بورڈ ایک معیاری اِن پُٹ آلہ ہے جو تحریری ڈیٹا کو کمپیوٹر میں داخل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ کی بورڈ روایتی ٹائپ رائٹر کی طرح کا ہوتا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس میں کچھ زائد کمانڈز اور فنکشن کیز ہوتی ہیں۔ کی بورڈز میں سب

سے مشہور اور مقبول لے آؤٹ کوورٹی (QWERTY) اور ڈی وراک (D-Vorak) کیز ہیں۔ لے آؤٹ سے مراد کی بورڈ میں کیز کی ترتیب ہے۔ ایک مثالی کی بورڈ میں 101 سے 104 تک کیز ہو سکتی ہیں۔

سوال30: مونیٹر کی ریزولوشن سے کیا مراد ہے؟

جواب: ریزولوشن سے مراد سکرین پکسلز کی تعداد ہے جو کہ لائنوں کی صورت میں ہوتی ہیں۔

سوال31: اِن پُٹ اور آؤٹ پُٹ آلات میں فرق بیان کیجیے۔

جواب: وہ آلات جن کی مدد سے کمپیوٹر میں ڈیٹا اور ہدایات داخل کی جاتی ہیں، ان پٹ آلات کہلاتے ہیں۔ عام طور پر استعمال ہونے والے ان پٹ آلات میں کی بورڈ، ماؤس اور مائیکروفون شامل ہیں۔

وہ آلات جو کمپیوٹر سے ڈیٹا اور معلومات کو وصول کرنے کے لیے استعمال ہوں، آؤٹ پٹ آلات کہلاتے ہیں۔ عام طور پر استعمال ہونے والے آؤٹ پٹ آلات میں مونیٹر، پرنٹر اور سپیکر شامل ہیں۔

سوال32: پلاٹرز کیا ہوتے ہیں؟

جواب: پلاٹر ایک بہت بڑا پرنٹر ہے جسے کمپیوٹر سے ایک یا زیادہ خود کار پینز سے کاغذ پر خاکے بنانے کے احکامات ملتے ہیں۔ ریگولر پرنٹر کے برعکس یہ کمپیوٹر گرافکس فائلز یا کمانڈز سے براہ راست ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک مسلسل لائنیں لگا سکتا ہے۔ پلاٹر کی تین بنیادی اقسام یہ ہیں، ڈرم پلاٹر، فلیٹ بیڈ پلاٹر اور الیکٹروسٹیٹک پلاٹر۔

سوال33: Enter اور Delete کیز کے فنکشنز لکھیے۔

جواب: Enter Key: یہ کی کمانڈز کو اینٹر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے یا کرسر کو ایک لائن کی آخری پوزیشن سے اگلی لائن کی پہلی پوزیشن پر لے آتی ہے۔ بعض کی بورڈز میں اینٹر کی بجائے ریٹرن کا لیبل لگا ہوتا ہے۔

Delete Key: یہ کی کرسر کی موجودہ پوزیشن سے اور اس کے علاوہ کرسر کے دائیں طرف والی پوزیشن سے بھی کریکٹر کو مٹا دیتی ہے۔ یہ مختلف اوبجیکٹس کو مٹانے کا کام کرتی ہے لیکن کرسر کو اپنی جگہ سے حرکت نہیں دیتی۔

سوال34: جوائے سٹک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: جوائے سٹک بھی ایک ایسا اِن پُٹ آلہ ہے جسے کمپیوٹر گیمز یا کمپیوٹر کی مدد سے ڈیزائن یا کسی ڈیزائن کی نقل کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ایک جوائے سٹک ماؤس سے ملتی جلتی ہے ماسوائے اس کے کہ ماؤس کی حرکت بند کرتے ہی کرسر کی حرکت بھی بند ہو جاتی ہے۔ زیادہ تر جوائے سٹکس میں دو بٹن لگے ہوتے ہیں جن کو ٹرائیگرز کہتے ہیں۔

سوال35: ڈسک ڈرائیو سے کیا مراد ہے؟

جواب: ڈسک ڈرائیو وہ مشین ہے جو ڈیٹا کو ڈسک پر لکھتی ہے اور اُس پر سے پڑھتی بھی ہے۔ ڈسک ڈرائیو ڈسک کو بروقت گھماتی ہے اور اس پر لکھنے یا پڑھنے کے لیے اس میں ایک یا ایک سے زیادہ ہیڈز ہوتے ہیں جن کے ذریعے ڈیٹا کو پڑھ کر یہ اُسے مزید پروسیسنگ کے لیے کمپیوٹر کی مین میموری میں بھیج دیتی ہے۔ مختلف قسم کی ڈسکوں کے لیے مختلف ڈسک ڈرائیوز ہوتی ہیں۔ مثلاً ہارڈ ڈسک کے لیے ہارڈ ڈسک ڈرائیو (HDD) اور فلاپی ڈسک کے لیے فلاپی ڈسک ڈرائیو (FDD) استعمال ہوتی ہے۔

سوال36: لیزر پرنٹر کے بارے میں مختصراً بیان کیجیے۔

جواب: لفظ لیزر Light Amplification by Stimulated Emission of Radiations (Laser) کا مخفف ہے۔ لیزر پرنٹرز کاپی مشین سے ملتے جلتے ہوتے ہیں۔ لیزر کی شعاعوں سے ایک مخصوص سیاہی جسے ٹونر کہتے ہیں، صفحہ پر چلانے سے صفحہ پر ایک مستقل امیج بن جاتا ہے اس سے بغیر کسی شور کے زیادہ سپیڈ پر بہت ہی اونچی کوالٹی کے نتائج ملتے ہیں۔ لیزر پرنٹر ایک منٹ میں 4، 8، 12 یا اس سے زیادہ صفحات پرنٹ کرنے کی استعداد رکھتا ہے۔ اس رفتار کو کم وبیش کیا جاسکتا ہے، جس کا انحصار اس بات پر ہے کہ سادہ تحریر پرنٹ کی جارہی ہے یا امیج پرنٹ کیا جارہا ہے۔

سوال 37: **سکینر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: سیکنر ایک ایسا ان پٹ آلہ ہے جو کہ کاغذ پر بنے امیج کو خود ہی پڑھ کر تمام انفرمیشن کمپیوٹر کی میموری میں منتقل کر دیتا ہے جہاں یہ پروگرام سٹور ہو سکتا ہے اور اس کی تشریح کی جاسکتی ہے۔ یہ انفرمیشن کسی تحریر کی شکل میں نہیں بلکہ ایک گرافک امیج یا تصویر کی صورت میں منتقل ہوتی ہے۔

سوال 38: **لائٹ پین کا استعمال تحریر کیجیے۔**

جواب: لائٹ پین ایک پین کی شکل کا روشنی کا حساس ان پٹ آلہ ہے۔ اس پین کو کمپیوٹر سکرین پر اشکال بنانے یا مینیو کے انتخاب کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

سوال 39: **امپیکٹ اور نان امپیکٹ پرنٹرز سے کیا مراد ہے؟**

جواب: امپیکٹ پرنٹر پرنٹ کرنے کی سب سے پرانی ٹیکنالوجی ہے جو ابھی تک استعمال ہو رہی ہے۔ امپیکٹ پرنٹر میں ایک تھوڑی سیاہی والے ربن کے ساتھ ٹکراؤ سے امیج پیدا ہوتا ہے یا سوئیوں کا سیٹ ربن سے سیاہی دباتے ہوئے کاغذ پر چھپائی کر دیتا ہے۔

باب نمبر: 4 ذخیرہ کرنے کے آلات

سوال 40: **مین میموری سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ڈیجیٹل کمپیوٹر سٹورڈ پروگرام کمپیوٹرز ہوتے ہیں یعنی جس پروگرام کو ایگزیکیوٹ کرنا ہوتا ہے اُسے میموری میں پہلے لوڈ کرنا پڑتا ہے اور پھر ایک ایک کر کے ہدایات کو ایگزیکیوٹ کرنا ہوتا ہے۔ کیلکولیشن کے لیے ڈیٹا اور نتائج بھی میموری میں ذخیرہ ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مین میموری کمپیوٹر کا ورکنگ ایریا ہوتی ہے۔ یہ بہت تیز لیکن صلاحیت میں محدود ہوتی ہے۔ کمپیوٹر مین میموری کے بغیر کام نہیں کر سکتا۔ اکثر عام مقصد کے لیے استعمال ہونے والے کمپیوٹرز میں چند لاکھ کریکٹرز کا ذخیرہ کرنے کے لیے کافی میموری ہوتی ہے۔

سوال 41: **RAM کیا ہے؟**

جواب: ریم پرائمری سٹوریج کا آلہ ہے۔ اس میں ڈیٹا اور ہدایات عارضی طور پر سٹور ہوتی ہیں۔ ریم میں ڈیٹا کسی بھی لوکیشن تک رسائی میں یکساں وقت لیتا ہے۔ CPU ریم پر دو قسم کے عوامل کرتا ہے پڑھنا (ریڈ) اور لکھنا (رائٹ)۔ ریم کو عام طور پر دو مختلف ٹیکنیکوں یعنی DRAM اور SRAM کو استعمال کرتے ہوئے بنایا جاتا ہے۔

سوال 42: **ڈیٹا ریٹ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ڈیٹاریٹ ایک سیکنڈ میں بائٹس کی وہ تعداد ہے جو کہ ڈرائیو CPU کو پہنچاتی ہے۔ عام ریٹ 5 اور 40 میگا بائٹس کے درمیان ہوتا ہے۔

سوال43: **کیش میموری کیا ہوتی ہے؟**

جواب: CPU چپ میں بہت تیز میموری کے لیے اکثر کمپیوٹرز میں SRAM ٹیکنیک استعمال کی جاتی ہے۔ اس میموری کو کیش میموری کہتے ہیں۔ کمپیوٹر میں کل میموری کے مقابلہ میں یہ میموری سائز میں بہت چھوٹی ہوتی ہے لیکن یہ کمپیوٹر کے کام کرنے کی صلاحیت کو بڑھاتی ہے۔

سوال44: **مین میموری اور سیکنڈری میموری کا فرق بیان کیجیے۔**

جواب:

پرائمری میموری (مین میموری)	سیکنڈری میموری
قیمتی	سستی
گنجائش میں کم	گنجائش میں زیادہ
پروسیسر کے ساتھ براہِ راست منسلک ہوتی ہے	پروسیسر کے ساتھ براہِ راست منسلک نہیں ہوتی
تیز رسائی	آہستہ رسائی

سوال45: **روم (ROM) کو نان وولاٹائل کیوں کہتے ہیں؟**

جواب: روم (ROM: Read Only Memory) کو نان وولاٹائل اس لیے کہتے ہیں کہ بجلی منقطع ہونے کی صورت میں ان چپس پر سٹور کیا گیا ڈیٹا ختم نہیں ہوتا۔ اکثر روم چپس کثرت سے استعمال ہونے والے پروگرامز کو سٹور کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں جیسا کہ چھوٹے پروگرام اور ڈیٹا جنہیں کافی عرصہ تک تبدیل نہ کیا جانا ہو۔

سوال46: **نچلے درجے کی فارمیٹنگ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: نچلے درجے کی فارمیٹنگ کے دوران ڈرائیو ڈسک کے ٹریکس اور سیکٹرز پر نشان لگاتی ہے۔ عموماً ایسا ڈسک بنانے والا کرتا ہے۔ اس طریقہ کار میں سیکٹر کے شروع اور آخری نقاط کو بڑی پلیٹ پر لکھا جاتا ہے۔ یہ طریقہ ڈرائیور کو ڈیٹا برقرار رکھنے کے لیے تیار کرتا ہے۔

سوال47: **ٹیپ سٹوریج پر ڈیٹا سٹوریج کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: ٹیپ سٹوریج، ماس سٹوریج آلہ کی پرانی شکل ہے۔ اس میں میگنیٹک ٹیپ استعمال ہوتی ہے۔ میگنیٹک ٹیپ میں پلاسٹک ٹیپ کی میگنیٹک کوٹنگ پر انفرمیشن ریکارڈ کی جاتی ہے۔ ڈیٹا تک رسائی کے لیے اس ٹیپ کو ایک آلہ جسے ٹیپ ڈرائیور کہتے ہیں میں اکٹھا کیا جاتا ہے جو کہ ٹیپ کو پڑھ، لکھ اور ریوائنڈ کر سکتا ہے۔ ٹیپ ڈرائیو کے مختلف سائز ہیں جن میں بہت چھوٹے کارٹریج یونٹس سے ریل یونٹس تک شامل ہیں۔ ان آلات کی صلاحیتیں بہت مختلف ہیں اور کچھ آلات کئی گیگا بائٹس ڈیٹا محفوظ کر سکتے ہیں۔

سوال48: **میموری یونٹس کی تعریف کیجیے۔**

جواب: ڈیجیٹل کمپیوٹرز میں ڈیٹا کو بِٹس کے مجموعہ کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ بِٹ میموری کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ڈیٹا کو بائٹس میں گروپ کیا جاتا ہے اور بائٹ سے مراد بٹس کی وہ تعداد ہے جو کہ کریکٹر کو سٹور کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ کریکٹر کو سٹور کرنے کے لیے بِٹس کی تعداد ہے۔ ایک بائٹ 8 بِٹس پر مشتمل ہوتا ہے۔

1 Nibble = 4 bits
1 Byte = 8 bits
1 KB (Kilo Byte) = 1024 bytes = 2^{10} bytes
1 MB (Mega Byte) = 1024 KB = 2^{20} bytes
1 GB (Giga Byte) = 1024 MB = 2^{30} bytes
1 Terabyte = 1024 GB = 2^{40} bytes

سوال 49: سیکنڈری سٹوریج آلہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: سیکنڈری سٹوریج ایسا آلہ ہوتا ہے جس میں سٹور کی گئی میموری عارضی طور پر سٹور نہیں ہوتی بلکہ مستقل سٹور ہو جاتی ہے، اس آلہ پر پرائمری میموری کی طرح پابندیاں بھی نہیں ہوتیں۔

سوال 50: بائٹ یا ورڈ کے اندر ڈیٹا کی تنظیم کیسے کی جاتی ہے؟

جواب: نیچے دی گئی شکل میں ایک بائٹ یا ورڈ کے اندر بٹس دیے گیے ہیں جو کہ بائیں سے دائیں طرف تحریر کیے گئے ہیں۔ ہم قطار کے ایک سرے کو ہائی آرڈر سرا اور دوسرے سرے کو لو آرڈر سرا کہتے ہیں۔ بائیں سرے پر بِٹ کو ہائی آرڈر بِٹ یا MSB اور دائیں سرے پر بِٹ کو لو آرڈر بٹ یا LSB کہتے ہیں۔

سوال 51: CD (کمپیکٹ ڈسک) کے بارے میں مختصراً بیان کیجیے۔

جواب: آپٹیکل سٹوریج سسٹم میں سب سے نمایاں کمپیکٹ ڈسک ہے جو کہ موسیقی کی صنعت کی ڈسک جیسی ہوتی ہے۔ کمپیوٹر سی ڈیز کو موسیقی کی سی ڈیز کی نسبت زیادہ تیزی سے گھمایا جاتا ہے تاکہ ڈیٹا ٹرانسفر کی رفتار زیادہ تیز ہو۔ یہ ڈسکیں قطر میں 5 انچ ہیں اور منعکسی مواد جو کہ شفاف حفاظتی کوٹنگ سے ڈھانپا ہوتا ہے، پر مشتمل ہوتی ہیں۔ CD پر منعکسی سطحوں پر ویری ایشنز بناتے ہوئے ہدایت ریکارڈ کی جاتی ہے۔ لیزر بیم کے ساتھ ان ویری ایشنز کو ڈھونڈتے ہوئے انفرمیشن کو دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ CD پر انفرمیشن ایک مسلسل ٹریک پر سٹور کی جاتی ہے جو کہ CD کے گرد پرانے ریکارڈ کی طرح چکر لگاتا ہے۔

باب نمبر:5 عددی نظام

سوال 52: BCD کوڈ کیا ہے؟

جواب: BCD ایک کوڈنگ سکیم ہے۔ اس کوڈنگ سکیم کو نومیرک ڈیٹا ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اعشاری عددی نظام میں دس ہندسے ہوتے ہیں۔ ان ہندسوں کو ظاہر کرنے کے لیے ہمیں 4 بِٹ کوڈز کی ضرورت ہوتی ہے۔

سوال 53: ایلفانومیرک ڈیٹا کی تعریف کیجیے۔

جواب: یہ ڈیٹا ایلفا بیٹس، اعداد اور دیگر خاص کریکٹرز جیسا کہ %,#,$ وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس ڈیٹا کی مثالوں میں ٹیلی فون نمبرز اور پتے شامل ہیں۔ مثال کے طور پر 2646916-041-(092) اور مکان P.653، طارق آباد، فیصل آباد وغیرہ۔

سوال 54: **ASCII کوڈ کیا ہے؟**

جواب: ASCII (American Standard Code for Information Interchange) ایک ایسی کوڈنگ سکیم ہے جسے آئی ایس او (ISO) نے طبع کیا ہے۔ یہ 7 بِٹ کوڈنگ سکیم ہے۔

سوال 55: **یونی کوڈ کیا ہے؟**

جواب: ان دنوں استعمال ہونے والی کوڈنگ سکیموں میں یونی کوڈ ایک مقبول سکیم ہے۔ یہ 16 بِٹ کوڈنگ سکیم ہے، اس لیے اس سکیم میں زیادہ کریکٹرز کو ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

سوال 56: **اوکٹل عددی نظام سے کیا مراد ہے؟**

جواب: اس نظام کو بھی کمپیوٹر میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسے بیس (base) 8 کا یا اوکٹل عددی نظام کہتے ہیں۔ اس نظام میں صرف 8 ہندسے استعمال ہوتے ہیں جو کہ 0,1,2,3,4,5,6,7 ہیں۔ اس نظام میں $751_{(8)}$ ایک مستند عدد ہے۔ یہ عدد سات سو اکاون سے مختلف ہے۔ 821 اس نظام کا عدد نہیں ہے کیونکہ 8 اس عددی نظام میں مستند ہندسہ نہیں ہے۔
اوکٹل عدد $630.4_{(8)}$ کو یوں ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$630.4_{(8)} = 6\times8^2 + 3\times8^1 + 0\times8^0 + 4\times8^{-1} = 408.5_{(10)}$$

سوال 57: **ڈیٹا اور انفارمیشن میں کیا فرق ہے؟**

جواب: حقائق اور اعداد کے مجموعہ کو ڈیٹا کہتے ہیں جسے بطور اِن پُٹ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ پروسس کیے گئے ڈیٹا کو انفارمیشن کہتے ہیں۔

سوال 58: **منفی عدد کے ایک کا کمپلیمنٹ کا کیا طریقہ ہے؟**

جواب: کسی منفی عدد کے لیے ایک کا کمپلیمنٹ معلوم کرنے کے لیے ہم مندرجہ ذیل طریقہ اپناتے ہیں:

1۔ کسی عدد کو ظاہر کرنے کے لیے بِٹس کی تعداد معلوم کریں۔

2۔ دیے گئے عدد کے ماڈولس کو ثنائی عدد میں تبدیل کریں۔

3۔ MSB میں صفر لگائیں۔

4۔ نتیجہ کا ایک کا کمپلیمنٹ معلوم کریں۔

سوال 59: **فکسڈ پوائنٹ کے اظہار کا کیا طریقہ ہے؟**

جواب: عدد میں نقطہ اعشاریہ سے پہلے 4 ہندسے ہوں گے اور نقطہ اعشاریہ کے بعد تین ہندسے ہوں گے۔

سوال 60: **توسیعی بائنری کوڈڈ ڈیسیمل انٹرچینج کوڈ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: IBM نے ایک نئی کریکٹر کوڈنگ سکیم متعارف کروائی ہے جسے EBCDIC کہتے ہیں۔ یہ موجودہ BCD کوڈز کی طرح کی بہتر سکیم ہے۔ یہ 8 بِٹ کوڈ ہے، لہٰذا EBCDIC میں 256 مختلف کوڈ ظاہر کیے جا سکتے ہیں۔ یہ کثرت سے استعمال

ہونے والے کریکٹر کوڈز تھے لیکن پرسنل کمپیوٹر کے بڑھتے ہوئے استعمال اور کمپیوٹر نیٹ ورکس کی بناء پر ASCII کوڈنگ سکیم ایک سٹینڈرڈ کوڈنگ سکیم بن گئی ہے اور اب اکثر کمپیوٹرز ASCII استعمال کرتے ہیں۔

سوال 61: $10010011_{(2)}$ کو اوکٹل میں تبدیل کیجیے۔

جواب: عمل 1: دائیں طرف سے شروع کرتے ہوئے دیے گئے عدد کو مندرجہ ذیل تین بِٹس کے گروپس میں لکھیے:

$$010, 010, 011$$

عمل 2: ہر گروپ کے متقابل اوکٹل میں تبدیل کیجیے:

$$010 = 2_{(8)} \quad ; \quad 010 = 2_{(8)} \quad ; \quad 011 = 3_{(8)}$$

عمل 3: ہر گروپ کے لیے اس کا متقابل اوکٹل لکھیے:

$$010010011_{(2)} = 223_{(8)}$$

سوال 62: 45-63 کو 8 بِٹس دو کے کمپلیمنٹ سے حل کیجیے۔

جواب:

$$45 - 63 = 45 + (-63)$$

عمل 1: دونوں اعداد کی مقداریں 8 بِٹس میں لکھیے:

$$45 = 00101101_{(2)} \quad , \quad 63 = 00111111_{(2)}$$

عمل 2: منفی عدد کو دو کا کمپلیمنٹ میں لکھیے:

$$-63 = 11000001$$

عمل 3: دو کے کمپلیمنٹ کو جمع کیجیے اور آخری حاصل چھوڑ دیجیے:

$$\begin{array}{r} 00101101 \\ +\ 11000001 \\ \hline 11101110 \end{array}$$

(آخری حاصل صفر)

لہٰذا دو کے کمپلیمنٹ میں جواب 11101110 ہے۔

سوال 63: منفی اعداد کا بذریعہ 2 کے کمپلیمنٹ اظہار کیسے کیا جاتا ہے؟

جواب: مندرجہ ذیل اقدامات سے منفی اعداد کے لیے 2 کا کمپلیمنٹ معلوم کر سکتے ہیں:

1۔ سب سے پہلے عدد کو ظاہر کرنے کے لیے بِٹس کی تعداد معلوم کیجیے۔

2۔ ثنائی نظام میں دیے گئے عدد کے ماڈولس کو تبدیل کیجیے۔

3۔ MSB میں صفر لگائیں اور بقیہ بِٹس میں ثنائی عدد۔

4۔ نتیجے کا 2 کا کمپلیمنٹ لیں۔

باب نمبر: 6 بولین الجبرا

سوال 64: پراپوزیشنز سے کیا مراد ہے؟

جواب: پراپوزیشن سے مراد ایسا منطقی بیان ہے جس کا جواب درست یا غلط کی صورت میں ہو مثلاً ایک جملہ "کیا تم طالب علم ہو؟" ایک پراپوزیشن ہے کیونکہ اس کا جواب درست یا غلط کی صورت میں ہو سکتا ہے۔

سوال65: بولین الجبرا کب اور کس نے بنایا؟

جواب: بولین الجبرا کو انگریز ریاضی دان "جارج بولی" نے 1854ء میں بنایا۔ بولین الجبرا علامتوں کو استعمال کرنے کے قوانین پر مشتمل ہے۔ بولین الجبرا کا بھی بالکل وہی مقام ہے جو کہ پراپوزیشنل کیلکولس کا۔ بولین الجبرا کا سب سے اہم استعمال ڈیجیٹل منطق میں ہے۔

سوال66: Kمیپ طریقہ کار کے کوئی سے دو فوائد لکھیے۔

جواب: اس طریقہ کے دو فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ اس طریقہ کو اپنانا بہت آسان ہے۔

2۔ یہ ایک ترتیب وار طریقہ کار ہے۔ یہ ہمیشہ ایک مینیمل حل کے لیے رہنمائی مہیا کرتا ہے۔

سوال67: بولین مستقلات بیان کیجیے۔

جواب: اگر $B = \{0,1\}$ عوامل . اور + کے ساتھ بولین الجبرا ہے تو 0 اور 1 بولین مستقلات کہلاتے ہیں۔

سوال68: AND آپریشن سے کیا مراد ہے؟

جواب: بولین الجبرا میں AND آپریشن دو ثنائی متغیرات یا کانسٹنٹ پر منطقی ضرب سرانجام دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے یہ عمل AND آپریٹرز (.) کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔

سوال69: بولین ایکسپریشن کیا ہے؟

جواب: اگر x, y اور z بولین متغیرات اور 0 اور 1 بولین مستقلات ہوں تب . اور + اور کمپلیمنٹ عوامل کے ساتھ ہم دو یا دو سے زیادہ متغیرات اور مستقلات کو ملا کر بولین جملے بنا سکتے ہیں۔ $\overline{x}.(y+z)$ اور $x + y.z$ وغیرہ۔

سوال70: منٹر مز سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر ہمارے پاس دو بولین متغیرات x اور y ہوں تو ہم ان متغیرات کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل چار حاصل ضرب معلوم کرتے ہیں۔ $x.y, x.\overline{y}, \overline{x}.y, \overline{x}.\overline{y}$

سوال71: ڈی مار گن کا قانون بیان کیجیے۔

جواب: ڈی مار گن کے قانون کے مطابق: " دو اعداد کی جمع کا کمپلیمنٹ اُن کے کمپلیمنٹس کی حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے۔ اسی طرح دو اعداد کی حاصل ضرب کا کمپلیمنٹ اُن اعداد کے کمپلیمنٹس کے مجموعہ کے برابر ہوتا ہے۔ یعنی اگر x اور y دو بولین متغیرات ہوں تب $\overline{x+y} = \overline{x}.\overline{y}$ اور $\overline{x.y} = \overline{x} + \overline{y}$

سوال72: دہرے پن کا اصول کیا ہے؟

جواب: دہرے پن کے اصول کے مطابق نتیجہ جسے بولین الجبرا کی شرائط سے اخذ کیا گیا ہو، درج ذیل مراحل میں قابل عمل رہتا ہے:

1۔ ہر 0 کو نتیجہ میں 1 سے تبدیل کیا جاتا ہے اور اسی طرح اس کا اُلٹ بھی۔

2۔ اصل نتیجہ میں . کو + سے تبدیل کیا جاتا ہے اور اسی طرح اس کا اُلٹ بھی۔

سوال73: **خاصیت تقسیمی سے کیا مراد ہے؟**

جواب: . خاصیت تقسیمی رکھتا ہے + پر اور + خاصیت تقسیمی رکھتا ہے . پر۔ اگر a ، b اور c سیٹ B سے تین متغیرات ہوں تو $a.(b+c)=(a.b)+(a.c)$ اور $a+(b.c)=(a+b).(a+c)$

سوال74: **AND آپریشن کا ٹروتھ ٹیبل بنائیے۔**

جواب:

AND(.) کے عوامل		
x	**y**	**x.y**
0	0	0
0	1	0
1	0	0
1	1	1

سوال75: **بولین فنکشن f(x,y)=y کو دو متغیرات K میپ میں ظاہر کیجیے۔**

جواب: عمل 1: پہلے فنکشن کو منٹر مز کے مجموعہ کی شکل میں لکھئے:

$f(x,y)=y$ (ذاتی عنصر)

$=(x+\bar{x}).y$ (کمپلیمنٹ)

$=x.y+\bar{x}.y$ (تقسیمی)

عمل 2: فنکشن میں موجود ہر منٹرم کے لیے میپ میں مطابقہ مربع میں لکھئے:

	$x \backslash y$	0 $\bar{y}$	1 y
0	$\bar{x}$	0	1
1	x	0	1

سوال76: **آئیڈیمپوٹینٹ کا قانون بیان کیجیے اور ٹروتھ ٹیبل سے ثابت کیجیے۔**

جواب: اگر x ایک بولین متغیر ہے تو $x+x=x$ اور $x.x=x$ آئیڈیمپوٹینٹ کا قانون کہلاتا ہے۔

ثبوت بذریعہ ٹروتھ ٹیبل:

x	$x.x$
0	$0.0=0$
1	$1.1=1$

درج بالا ٹروتھ ٹیبل سے ظاہر ہے کہ اگر $x=0$ ہو تو $x+x=0$ ہے اور اگر $x=1$ ہے تو $x+x=1$ ہے۔ پس $x+x=x$

باب نمبر: 7 کمپیوٹر سافٹ ویئر

سوال77: **ایپلیکیشن سوفٹ ویئر کی تعریف کیجیے۔**

جواب: ایپلیکیشن سوفٹ ویئر ایک پروگرام ہے جو یوزر کے لیے کوئی خاص کام کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک ڈاکیومنٹ بنانے کے لیے، ورڈ پروسیسنگ سوفٹ ویئر (مائیکروسوفٹ ورڈ) استعمال ہوتا ہے جبکہ سپریڈ شیٹس بنانے کے لیے ہم ایکسل یا لوٹس 123 وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔

سوال 78: **GUI سے کیا مراد ہے؟**

جواب: (GUI (Graphical User Interface انٹرفیس ونڈو مینیوز، آئیکنز اور پوائنٹرز پر مشتمل ہوتا ہے۔ یوزر مینیوز سے کمانڈز منتخب کر کے یا ماؤس کی مدد سے مختلف آئیکنز منتخب کر کے آپریٹنگ سسٹم کی مدد سے رابطہ کرتا ہے۔ MS ونڈوز، گوئی (GUI) انٹرفیس کے ساتھ آپریٹنگ سسٹم کی جانی پہچانی مثال ہے۔ ایک MS ونڈوز میں یوزر ماؤس استعمال کرتے ہوئے کمانڈز منتخب کرتا ہے۔ مثال کے طور پر ونڈوز XP، لائنکس (Linux) وغیرہ۔

سوال 79: **انٹرپریٹر کی تعریف کیجیے۔**

جواب: انٹرپریٹر سورس کی ہر لائن دیکھتا ہے اور فیصلہ کرتا ہے کہ لائن کا کیا مطلب ہے، ممکنہ غلطیوں کے لیے اسے چیک کرتا ہے اور پھر اس لائن کو ایگزیکیوٹ کرتا ہے۔

سوال 80: **آپریٹنگ سسٹم کیا ہے؟**

جواب: آپریٹنگ سسٹم پروگراموں کا سیٹ ہوتا ہے جو ایک کمپیوٹر پر چلتا ہے۔ یہ ایسے حالات (ماحول) پیدا کرتا ہے جن میں کمپیوٹر پر بقیہ پروگرام بھی چلائے جا سکیں اور اسے مؤثر طور پر استعمال کیا جا سکے۔ آپریٹنگ سسٹم بہت زیادہ عام فنکشنز مہیا کرتا ہے جن کی یوزر کو ضرورت ہوتی ہے۔ اس طرح آپریٹنگ سسٹم ہارڈ ویئر کو کنٹرول کرتا ہے اور اپنے یوزر کو ہارڈ ویئر کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

سوال 81: **CD کمانڈ کا استعمال بیان کیجیے۔**

جواب: یہ کثرت سے استعمال ہونے والی ڈاس کمانڈ ہے۔ یہ کمانڈ موجودہ ورکنگ ڈائریکٹری کو تبدیل کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ فرض کیجیے موجودہ ورکنگ ڈائریکٹری C:\DOS ہے۔ موجودہ ورکنگ ڈائریکٹری کو C:\DOS سے C:\GAMES\PACEM میں تبدیل کرنے کے لیے ہمیں کمانڈ پرومپٹ پر کمانڈز کے درج ذیل تسلسل کو اینٹر کرنا پڑتا ہے:

```
C:\>CD:
C:\>CD GAMES
C:\>CD PACEM
```

سوال 82: **ڈاس میں CLS کمانڈ کا مقصد بیان کیجیے۔**

جواب: ڈاس میں CLS کمانڈ کی مدد سے سکرین کو کلیئر کیا جاتا ہے جس کا سینٹیکس یہ ہے ↵CLS

سوال 83: **ڈاس کیا ہے؟**

جواب: یہ ایک سنگل یوزر آپریٹنگ سسٹم ہے جو کہ 1990ء کے وسط تک مائیکرو کمپیوٹرز پر بڑا مقبول رہا ہے۔ ڈاس کو IBM نے ڈیزائن کیا ہے۔ ڈاس ڈسک پر موجود ہوتا ہے اور کمپیوٹر کے مجموعی پروگرام کو کنٹرول کرتا ہے۔

سوال84: **ڈاس کی مختلف فائلز بیان کیجیے۔**

جواب: ڈاس میں تین اہم فائلز ہوتی ہیں جنہیں مختلف کاموں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بیچ فائلز، کمانڈ فائلز اور ایگزیکیوٹ ایبل فائلز ہیں۔ بیچ فائلز میں ایک یا زیادہ کمانڈز کو اکٹھا گروپ کیا جاتا ہے۔ بیچ فائل کا نام ڈاس کے لیے کمانڈ کے طور پر کام آتا ہے۔ کمانڈ فائلز ڈاس کمانڈز پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ایگزیکیوٹ ایبل فائلز ایگزیکیوٹ ایبل شکل میں ہوتی ہیں یعنی یہ کمپیوٹر پر چلانے کے لیے تیار ہوتی ہیں۔

سوال85: **ڈاس کی اندرونی کمانڈز سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ڈاس اندرونی کمانڈز Command.Com فائل میں سٹور کی جاتی ہیں۔ یہ بوٹنگ پروسیس کے دوران خود بخود میموری میں لوڈ ہو جاتی ہیں۔ اندرونی کمانڈز، Command.Com کا حصہ ہوتی ہیں۔ لہٰذا ان کے نام آپ ڈائریکٹری کی فہرست میں نہیں دیکھ سکتے۔ جب ڈاس ایگزیکیوٹ ہو رہی ہو تو یہ کمانڈز میموری میں باقی رہتی ہیں۔ اندرونی ڈاس میں کچھ کمانڈز درج ذیل ہیں:

CLS, DIR, DEL, DATE, TIME, EXIT وغیرہ۔

سوال86: **DIR کمانڈ کا جنرل سینٹیکس تحریر کیجیے۔**

جواب: DIR کمانڈ کا جنرل سینٹیکس مندرجہ ذیل ہے:

DIR [DRIVE:][PATH][FILENAME↵

سوال87: **کمانڈ لائن انٹرفیس سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ان میں یوزرز کی بورڈ کی مدد سے کمانڈز ٹائپ کرتے ہوئے آپریٹنگ سسٹم کے ساتھ رابطہ کرتے ہیں۔ آپریٹنگ سسٹم کو دی گئی ہر کمانڈ آپریٹنگ سسٹم میں دیے گئے بہت سے پروگرامز میں کسی ایک کو متحرک کرتی ہے۔ ایسے انٹرفیس کی مثال کمانڈ پرومپٹ ہے جو MS-DOS اپنے یوزرز کو مہیا کرتے ہیں۔

سوال88: **DEL کمانڈ اور DELTREE کمانڈ میں کیا فرق ہے؟**

جواب: DOS کی ایک مفید اور خطرناک کمانڈ DEL کمانڈ ہے یہ فائلوں کو ڈِسک سے ختم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کا سینٹیکس یہ ہے:

$$\text{DEL}\left[\text{DRIVE :}\right]\left[\text{PATH}\right]\text{FILENAME}\left[/\text{P}\right]$$

اگر کوئی ڈائریکٹری خالی نہیں ہے تو RD(RMDIR) کمانڈ اسے ختم نہیں کر سکتی۔ DELTREE کمانڈ پوری ڈائریکٹری کو ختم کرنے کے لیے استعمال ہو سکتی ہے باوجود اس کے کہ ڈائریکٹری خالی نہ ہو۔ یہ ایک ڈائریکٹری اور تمام فائلز اور سب ڈائریکٹریز جو اس میں موجود ہوں کو ختم کرتی ہے۔ اس کمانڈ کا سینٹیکس یہ ہے:

$$\text{DELTREE}\left[/\text{Y}\right]\left[\text{DRIVE :}\right]\text{PATH}$$

سوال89: **MD یا MKDIR کمانڈ کا مقصد اور سینٹیکس بیان کیجیے۔**

جواب: یہ کمانڈ سب ڈائریکٹریز بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کے کمپیوٹر پر موجودہ ورکنگ ڈائریکٹری C:\GAMES ہے تب آپ C:\GAMES ڈائریکٹری کے اندر ایک اور ڈائریکٹری NEWGAME کے نام سے اینٹر کرسکتے ہیں۔

MD NEWGAME

باب نمبر:8 ونڈوز کا تعارف

سوال90: اینٹی وائرس سے کیا مراد ہے؟

جواب: اینٹی وائرس ایک ایسا سوفٹ ویئر ہے جس کی مدد سے کمپیوٹر پر ایک وائرس کو ڈھونڈا اور ختم کیا جاتا ہے۔ آپ وائرسوں کو کمپیوٹر میں داخل ہونے سے پہلے روک سکتے ہیں۔ آپ ایک اچھے اینٹی وائرس سوفٹ ویئر کی مدد سے ایسا کرسکتے ہیں۔ یہ تمام فائلز کو وائرسوں کے لیے چیک کرتا ہے، اسے جب ایک بار انسٹال کرلیں تو ایک اینٹی وائرس پروگرام کو سیٹ کیا جا سکتا ہے تاکہ یہ بیک گراؤنڈ میں کام کرتا رہے۔

سوال91: ملٹی ٹاسکنگ کی تعریف کیجیے۔

جواب: ملٹی ٹاسکنگ کی مدد سے ایک سے زیادہ پروگراموں کو بیک وقت ایکسیس کیا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر ورڈ پروگرام استعمال کرکے، ایک ڈاکیومنٹ پر کام کیا جاسکتا ہے، جبکہ ایک دوسرے کمپیوٹر پر جو کہ نیٹ ورک میں ہو، سے فائل کاپی کی جاسکتی ہے۔ ونڈوز کے ماحول میں کام کرتے ہوئے ایک وقت میں ایک سے زیادہ کام کیے جاسکتے ہیں۔

سوال92: ہارڈ ویئر کمپیٹی بیلیٹی (Compatibility) سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی اور آپریٹنگ سسٹم کے مقابلہ میں ونڈوز کے اندر بہتر ہارڈ ویئر کمپیٹی بیلیٹی موجود ہے۔ اس میں مختلف قسم کے ہارڈ ویئرز کو مدد دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ اس کی پلگ اینڈ پلے صلاحیت کی وجہ سے صرف ہارڈ ویئر کارڈ کمپیوٹر میں انسرٹ کرنے کے بعد، ونڈوز کو آن کرتے ہی وہ اس نئے ہارڈ ویئر کو پہچان لیتا ہے اور اسے استعمال کرنے کے لیے سیٹ کردیتا ہے۔

سوال93: آئیکن کی تعریف کیجیے۔

جواب: آئیکن ایک گرافک امیج ہے۔ آئیکنز کی مدد سے ہم کمانڈ کو آسانی اور جلدی سے استعمال کرسکتے ہیں۔ کمانڈز کمپیوٹر کو بتاتی ہیں کہ اُسے کیا کام کرنا ہے۔ ان میں جو پروگرامز آپ کے کمپیوٹر پر انسٹال ہوں، اُن کے شارٹ کٹس بھی شامل ہیں۔ اگر آپ ایک کمانڈ کو ایک آئیکن کی مدد سے ایگزیکیوٹ کرنا چاہتے ہیں تو اس آئیکن پر ڈبل کلک کریں۔

سوال94: ٹاسک بار کیا ہے؟

جواب: ٹاسک بات انفرمیشن اور زیرِ استعمال پروگرام تک رسائی مہیا کرتا ہے۔ اسکو استعمال کرکے آپ جان سکتے ہیں کہ کون کون سے پروگرام اس وقت استعمال ہو رہے ہیں اور ان کے درمیان ایک پروگرام سے دوسرے میں کیسے جاسکتے ہیں۔

سوال95: کنٹرول پینل کیا ہے؟

جواب: کنٹرول پینل یوزر کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے کنٹرول پینل کی مدد سے یوزر Appearances اور Theme یا پرنٹرز اور دوسری ہارڈ ویئر کو ترتیب دے سکتا ہے۔ یہ پروگرام انسٹال کرنے اور ختم کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ اس کے علاوہ کی بورڈ اور ماؤس کی سیٹنگز بھی تبدیل کی جاسکتی ہیں۔

سوال96: فولڈر سے کیا مراد ہے؟

جواب: جب ڈیٹا ڈرائیوز پر سٹور ہوتا ہے، اس کو ترتیب دینے کے لیے فولڈرز ستعمال کیے جاتے ہیں۔ آپ کمپیوٹر ڈرائیوز کو ایک فائلنگ کیبنٹ جیسا تصور کر سکتے ہیں۔ آپ ڈرائیوز میں فائلز کی صورت میں محفوظ ڈیٹا کو فولڈرز میں ترتیب دے سکتے ہیں۔ ایسی فائلز جو ایک پروگرام پر مشتمل ہوں ایک ہی فولڈر میں محفوظ ہوتی ہیں۔ آپ اپنی بنائی ہوئی فائلز کو فولڈرز میں بہتر طریقہ سے ترتیب دے سکتے ہیں تاکہ انہیں احسن طریقہ سے استعمال کیا جاسکے۔ فولڈرز کو کاپی کیا جاسکتا ہے اور اُنہیں ہارڈ ڈرائیو پر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر منتقل کیا جاسکتا ہے۔

سوال97: ری سائیکل بن کا استعمال تحریر کیجیے۔

جواب: جب آپ کسی فائل یا فولڈر کو ڈیلیٹ کرتے ہیں تو ونڈوز اس کو ری سائیکل بن میں بھیج دیتا ہے۔ آپ ری سائیکل بن میں موجود اپنی فائلز یا فولڈر کو واپس اصلی حالت میں لاسکتے ہیں یا آپ اُنہیں مستقل طور پر بھی ڈیلیٹ کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لیے ری سائیکل بن پر ماؤس کی مدد سے رائٹ کلک کریں اور Empty Recycle Bin منتخب کریں۔

سوال98: ونڈوز ایکسپلورر سے کیا مراد ہے؟

جواب: ونڈوز ایکسپلورر ایک ایسا پروگرام ہے جس کی مدد سے آپ اپنے سارے فولڈرز اور تمام فائلز کو جو کہ فولڈرز میں ہیں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ دو حصوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ بائیں طرف کے حصہ میں ڈرائیوز اور فولڈرز ہوتے ہیں۔ دائیں طرف والے حصہ میں فائلز اور سب فولڈرز نظر آتے ہیں جو کہ اُن فولڈرز یا ڈرائیوز میں ہوتے ہیں جو کہ آپ نے بائیں حصہ میں منتخب کیے ہوتے ہیں۔

سوال99: فائل ایکسٹینشنز سے کیا مراد ہے؟

جواب: فائل ایکسٹینشنز ایسے اختتامی الفاظ ہیں جو کہ ڈاٹ (.) کے بعد لکھے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر فائل کے نام میں فائل کی ایکسٹینشن اس کا تعلق ایک ایپلی کیشن سے جوڑ دیتی ہے جیسا کہ PhoneNumbers.txt۔ اس فائل کے نام میں PhoneNumbers فائل کا نام ہے جبکہ txt فائل کی ایکسٹینشن ہے۔ فائل کی یہ ایکسٹینشن اسے ایک ایپلی کیشن سے جوڑتی ہے جس کی مدد سے اسے دیکھا اور تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح ونڈوز کو معلوم ہو جاتا ہے کہ کسی خاص کام کے لیے کونسا پروگرام چلانا ہے۔ مثال کے طور پر ایک ٹیکسٹ فائل کی ایکسٹینشن txt. ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆

اہم تفصیلی جوابی سوالات

1. کمپیوٹر کی تعریف کیجیے اور اس کی اقسام کی وضاحت کیجیے۔
2. پہلی اور دوسری جنریشن پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔
3. کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کے معاشرے پر اثرات تفصیل سے بیان کیجیے۔
4. ارتھمیٹک اور لاجک یونٹ کی وضاحت کیجیے۔
5. ہارڈ ویئر سے کیا مراد ہے؟ اس کے یونٹس کی وضاحت کیجیے۔
6. سسٹم بس سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام تفصیل سے بیان کیجیے۔
7. پلاٹر کیا ہوتا ہے؟ پلاٹر کی مختلف اقسام کی وضاحت کیجیے۔
8. مونیٹر کی تعریف کیجیے اور اس کی بنیادی اقسام تفصیل سے بیان کیجیے۔
9. ماؤس اور ماؤس ایونٹ کے بارے میں تفصیلی وضاحت تحریر کیجیے۔
10. ریم اور روم میں فرق وضاحت سے بیان کیجیے۔
11. سیکنڈری میموری سے کیا مراد ہے؟ ہارڈ ڈسک ڈرائیو کے بارے میں تفصیل بیان کیجیے۔
12. میگنیٹک ٹیپ پر ڈیٹا کیسے منظّم کیا جاتا ہے؟
13. 38-29 کو 8 بٹس میں دو کمپلیمنٹ کے طریقہ سے حل کیجیے۔
14. ڈیٹا اور انفرمیشن کی تعریف کیجیے نیز ڈیٹا کی اقسام بیان کیجیے۔
15. عددی نظام سے کیا مراد ہے؟ بائنری اور آکٹل عددی نظام کو مثالوں سے واضح کیجیے۔
16. مِن ٹرمز اور میکس ٹرمز کی وضاحت ٹیبل کی مدد سے کیجیے۔
17. ٹروتھ ٹیبل سے ثابت کیجیے: $x.(y.z)=(x.y).z$
18. بولین الجبرا کے لیے ڈی مارگن کے قوانین بیان اور ثابت کیجیے۔
19. ڈاس فائلز کی اقسام کون کون سی ہیں؟ تفصیل بیان کیجیے۔
20. اپریٹنگ سسٹم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز اس کی اقسام اور کام کے بارے میں تفصیل بیان کیجیے۔
21. ڈاس کی مندرجہ ذیل کمانڈز کی وضاحت کیجیے:

FORMATE, XCOPY, CHKDSK اور RMDIR یا RD

22. اینٹی وائرس پروگرام کیا ہوتا ہے؟ نیز اینٹی وائرس کو اَپ ڈیٹ کرنا کیوں ضروری ہے؟ مثالوں سے بیان کیجیے۔
23. ونڈوز کو شٹ ڈاؤن اور ری سٹارٹ کرنے کے لیے کیا اقدام ہیں؟
24. کنٹرول پینل کے ذریعے سرانجام دیے جانے والے فنکشنز تفصیل سے لکھئے۔

☆☆☆☆☆

جوابات

کثیر الانتخابی سوالات

سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب
01	(a) فزیکل حصے	02	(a) LU	03	(a) لیزر
04	(c) 1024MB	05	(b) ورکنگ ایریا	06	(a) 7
07	(a) 2x	08	(b) BAT	09	(a) ڈائریکٹریز
10	(a) ری سائیکل بن	11	(c) اسمبلی	12	(c) روم
13	(d) یہ تمام	14	(c) 1024KB	15	(c) 01100110
16	(b) $01111001_{(2)}$	17	(c) x+(x.y)=x and x.(x+y)=x	18	(b) پرامپٹ تبدیل کرتی ہے
19	(a) وائرس	20	(d) 1961ء	21	(c) رجسٹر
22	(c) مائیکروفون	23	(b) 1024 بائٹس	24	(b) $158_{(10)}$
25	(b) $2_{(10)}$	26	(c) $\bar{x}.\bar{y}$	27	(d) 1.44 میگا بائٹس
28	(b) A:	29	(c) 1010	30	(c) $3\frac{1}{2}''$
31	(c) دایاں بٹن	32	(b) کنٹرول بس	33	(d) کمپائلر
34	(b) اینٹی وائرس	35	(c) سسٹم سافٹ ویئر	36	(b) کمانڈ لائن انٹرفیس
37	(c) قانون مبادلہ	38	(c) ہارڈ ڈِسک	39	(c) منی کمپیوٹر
40	(c) مائیکروفون	41	(b) 4	42	(a) 16
43	(b) X	44	(d) ڈاس	45	(b) doc
46	(b) ایک کمپیوٹر کوڈ ہے	47	(d) .	48	(c) 2
49	(b) .xls	50	(a) فائلوں کا مجموعہ	51	(d) آئیکون
52	(d) سُپر کمپیوٹر	53	(a) کنٹرول یونٹ	54	(d) کرسر کنٹرول کیز
55	(a) میگابائٹ	56	(a) 8	57	(c) 10
58	(d) 8bits	59	(c) جوائے سٹک	60	(a) ماؤس
61	(b) مائیکروکمپیوٹر	62	(c) تیسری	63	(a) مائیکروسافٹ
64	(a) Md	65	(b) 2	66	(a) 1010110

67	(b)	انٹرنیٹ ایکسپلورر	68	(b)	آؤٹ پُٹ	69	(b)	700MB
70	(d)	لسپ	71	(c)	25 Pins	72	(a)	تمام
73	(a)	2	74	(d)	مائیکروپروسیسر	75	(a)	سُپرکمپیوٹر
76	(c)	ESC	77	(a)	بائنری ڈیجٹ	78	(b)	0
79	(a)	ٹیڈہوف	80	(b)	پرسنل کمپیوٹر	81	(a)	پیری فرل
82	(c)	مونیٹر	83	(a)	1	84	(c)	DELTREE
85	(a)	کنٹرول پینل	86	(d)	انفارمیشن	87	(c)	A
88	(c)	پورٹس	89	(b)	انٹی گریٹڈ سرکٹس	90	(b)	مہنگے
91	(c)	مانیٹر	92	(a)	ان پُٹ	93	(c)	بٹ
94	(b)	16	95	(b)	مقناطیسی	96	(c)	مدربورڈ
97	(b)	اینالوگ کمپیوٹرز	98	(a)	ویکیوم ٹیوبز	99	(a)	ایک آپریٹنگ سسٹم
100	(b)	ٹیرابائٹ	101	(c)	4	102	(c)	+
103	(b)	.wav	104	(a)	*,?	105	(c)	پرسنل کمپیوٹر
106	(b)	16	107	(c)	رائٹ کلک	108	(c)	وال پیپر
109	(b)	32بٹس	110	(b)	سٹارٹ مینیو	111	(c)	سُپرکمپیوٹر
112	(b)	کی بورڈ اور مونیٹر	113	(d)	aاورbدونوں	114	(d)	یہ تمام
115	(d)	یہ تمام	116	(a)	ہارڈڈِسک سے کم رفتار	117	(c)	16(10)
118	(c)	aاورbدونوں	119	(b)	3	120	(d)	لیپ ٹاپ
121	(c)	رجسٹرز	122	(c)	سکینر	123	(c)	100km
124	(b)	x copy	125	(a)	سافٹ ویئر	126	(b)	.ppt
127	(c)	مدربورڈ	128	(b)	ایلفانومیرک ڈیٹا	129	(d)	A
130	(d)	ڈاس	131	(a)	گرافک امیج	132	(a)	ڈیٹابس
133	(b)	پی رَوم	134	(b)	بائنری کوڈ	135	(b)	3
136	(a)	لائیٹ پین	137	(a)	2	138	(c)	3
139	(c)	فائلز میں	140	(a)	وائرس	141	(d)	CLS
142	(c)	پرنٹر	143	(b)	ریم	144	(a)	ایرو
145	(a)	سیریل	146	(c)	ڈینس رِچی	147	(c)	نیمونکس
148	(b)	گرافیکل یوزر	149	(c)	لاجک	150	(a)	10

151	(a)	سُپر کمپیوٹر	152	(a)	GUI رکھتے ہیں	153	(d)	وائرس
154	(a)	پیریڈ(.)	155	(a)	Cray T90	156	(a)	127
157	(b)	الفا بیٹک ڈیٹا	158	(d)	کمانڈ فائل	159	(a)	کی بورڈ لے آوٹ
160	(b)	فیکٹس اینڈ فگر	161	(c)	لیزر پرنٹر	162	(a)	1847ء
163	(a)	8 بٹس	164	(a)	کمپیوٹر سافٹ ویئر	165	(c)	الیکٹرانک
166	(a)	جان وان نیومن	167	(a)	عارضی	168	(c)	ایم ایس ایکسل
169	(c)	ونڈوز	170	(b)	گیٹ	171	(a)	اسمبلر
172	(b)	دائیں کلک	173	(d)	سی پی یو	174	(d)	$\overline{\overline{X}}$
175	(a)	پانچ اِنچ	176	(a)	اندرونی	177	(d)	دو
178	(c)	آئیکن	179	(c)	پیچیدہ	180	(c)	انٹرپریٹر
181	(b)	ڈیٹا بس	182	(c)	بار کوڈ ریڈر	183	(b)	سی
184	(d)	اوبجیکٹ پروگرام	185	(a)	ٹوگل کی	186	(c)	کمپیوٹر کو استعمال کرنا آسان ہے
187	(b)	مانیٹر	188	(d)	تمام	189	(d)	a تا c
190	(c)	پاور بس	191	(c)	مونیٹر	192	(c)	لیزر پرنٹر
193	(d)	a اور c	194	(a)	طباعت کے دوران کاغذ کی سطح کو ٹچ کرتے ہیں	195	(d)	b اور c
196	(d)	پہلے تمام	197	(a)	عدد میں بٹس کو اُلٹنے سے	198	(c)	a اور b دونوں
199	(b)	x.x=x اور x+x=x	200	(c)	تمام فائلوں کو جو کسی بھی کیریکٹر سے شروع ہو رہی ہو لیکن آخری چار کیریکٹر lass ہیں	201	(b)	ڈائریکٹری ختم کرتی ہے
202	(b)	تمام فائلوں کو لسٹ کرتی ہے	203	(c)	سٹارٹ بٹن	204	(d)	تمام

ماڈل پیپر کمپیوٹر سائنس۔نہم

(حصہ معروضی) کل نمبر:10 وقت:15منٹ

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	HP-3000 کس کمپیوٹر کی مثال ہے؟	سُپر کمپیوٹر	منی کمپیوٹر	مائیکرو کمپیوٹر	پاکٹ کمپیوٹر
2	32 لائنوں پر مشتمل بس ڈیٹا منتقل کر سکتی ہے:	32 بِٹس	64 بِٹس	16 بِٹس	32 بائٹس
3	پوائنٹنگ ڈیوائس کی مثال ہے:	ماؤس	کی بورڈ	ٹریک بال	سپیکر
4	ذیل میں سے کون سی نان وولاٹائل میموری ہے؟	ریم	روم	کیش	ڈی ریم
5	ایک بائٹ برابر ہے:	6 بٹس	2 بٹس	4 بٹس	8 بٹس
6	بائنری نمبر کی بیس ہے:	10	2	8	16
7	بولین الجبرا میں AND آپریٹر کو ظاہر کیا جاتا ہے:	*	+	-	/
8	DOS کی ایک "انٹرنل" کمانڈ ہے:	xcopy	chkdsk	format	time
9	سنگل فائل ڈیلیٹ ہوتی ہے:	DEL abc.dat	DEL *.*	DEL abc.*	DEL *.dat
10	فولڈر ہوتا ہے:	فائلوں کا مجموعہ	ڈیٹا کا مجموعہ	آئیکون کا دوسرا نام	پروگرامز کا مجموعہ

(حصہ انشائی) کل نمبر:40 وقت: 01:45 گھنٹہ

(حصّہ اوّل)

2۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. ابیکس پر نوٹ لکھئے۔

ii. معاشرہ پر کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کے کوئی سے دو مثبت اثرات تحریر کیجیے۔

iii. کمپیوٹر کی تنظیم سے کیا مراد ہے؟

iv. یو ایس بی پورٹ کا استعمال بیان کیجیے۔

v. کچھ ایسے آلات کے نام بتائیے جو اِن پُٹ اور آؤٹ پُٹ دونوں طرح کے آلات کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

vi. سی آر ٹی مونیٹر سے کیا مراد ہے؟

3۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. ایس ریم اور ڈی ریم میں فرق بیان کیجیے۔

ii. ایلفانومیرک ڈیٹا کی تعریف کیجیے۔

iii. آکٹل نمبر سسٹم کیا ہے؟

iv. $0101110_{(2)}$ اور $0011001_{(2)}$ کو جمع کیجیے۔

v. بولین فنکشن کو سادہ کیسے بنایا جاتا ہے؟

vi. کارناف میپ سے کیا مراد ہے؟

4۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. ایپلی کیشن سافٹ ویئر کیا ہے؟

ii. آپریٹنگ سسٹم کی تعریف کیجیے۔

iii. فولڈرز کی تعریف کیجیے۔

iv. فائل ایکسٹینشن سے کیا مراد ہے؟

v. مائی کمپیوٹر آئیکن سے کیا مراد ہے؟

vi. ونڈو ایکسپلورر کو سٹارٹ کرنے کے اقدام تحریر کیجیے۔

حصّہ دوئم، کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

5۔ کمپیوٹر کی درجہ بندی کو تفصیلاً بیان کیجیے۔ 08

6۔ ہارڈ ڈسک کا مقصد اور کام تفصیلاً بیان کیجیے۔ 08

7۔ دیئے گئے آکٹل نمبرز کو ہیکساڈیسمل نمبرز میں تبدیل کیجیے: $(777)_8$, $(125)_8$ 08

کمپیوٹر سائنس۔نہم فیصل آباد بورڈ 2019ء گروپ I

(حصہ معروضی) کل نمبر:10 وقت:15منٹ

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	ہائی لیول لینگویج نہیں ہے:	فورٹران	بیسک	ویژوئل بیسک	اسمبلی لینگویج
2	کون سی کمپیوٹر میں بس کی قسم نہیں ہے؟	ڈیٹا بس	ایڈریس بس	پاور بس	کنٹرول بس
3	کون سا آلہ سسٹم یونٹ کے اندر نہیں ہے؟	ریم	مونیٹر	ہارڈ ڈسک	سی ڈی ڈرائیو
4	کون سا اِن پُٹ آلہ نہیں ہے؟	مونیٹر	کی بورڈ	ماؤس	مقناطیسی ٹیپ یونٹس
5	ایک کلوبائٹ برابر ہے:	2^{10} bytes	2^{20} bytes	2^{30} bytes	2^{40} bytes
6	4752105 (011) ہے:	نومیرک ڈیٹا	ایلفانومیرک ڈیٹا	ایلفا بیٹک ڈیٹا	B اور C دونوں
7	ڈی مارگن کا قانون بیان کرتا ہے:	$a.(b+c)=a.b+a.c$	$a+(b+c)=(a+b)+c$	$\overline{a+b}=\bar{a}.\bar{b}$	کوئی نہیں
8	ونڈوز:	GUI رکھتے ہیں	آپریٹنگ سسٹم نہیں ہے	کمپائلر ہے	یہ تمام
9	Good Time ایک:	وائرس تھا	اینٹی وائرس تھا	وائرس کی موجودگی کے بارے میں جھوٹی خبر تھی	کوئی نہیں
10	Klez ایک۔۔۔۔ہے:	گیم کا نام	ہارڈ ویئر کمپونینٹ	وائرس کا نام	آدمی کا نام

(حصہ انشائی) کل نمبر:40 وقت: 01:45 گھنٹہ

(حصّہ اوّل)

2۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. IC سے کیا مراد ہے؟

ii. سُپر کمپیوٹر کیا ہے؟

iii. کمپیوٹر سیمولیشن کی تعریف کیجیے۔

iv. ٹرانسلیٹر کیا ہے؟

v. ڈیٹابس کی تعریف کیجیے۔

vi. سیریل پورٹ سے کیا مراد ہے؟

3۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. مونیٹر کی ریزولوشن سے کیا مراد ہے؟

ii. سیکنڈری سٹوریج کو کونسی بنیادوں پر تقسیم کیا جاتا ہے؟

iii. مین میموری اور سیکنڈری میموری میں موازنہ کیجیے۔

iv. پیریٹی بٹ کیا ہے؟

v. پروسیسنگ سے کیا مراد ہے؟

vi. اوکٹل اعداد کا نظام بیان کیجیے۔

4۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. بولین الجبرا سے کیا مراد ہے؟

ii. ایپلیکیشن سوفٹ ویئر سے کیا مراد ہے؟

iii. گرافیکل یوزر انٹرفیس سے کیا مراد ہے؟

iv. فولڈر سے کیا مراد ہے؟

v. اینٹی وائرس سے کیا مراد ہے؟

vi. ہارڈویئر کمپیٹی بیلٹی سے کیا مراد ہے؟

حصّہ دوئم، کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

5۔ سیریل پورٹس اور متوازی پورٹس پر مختصر نوٹ لکھئے۔ 08

6۔ کی بورڈ کی تعریف کیجیے۔ کی بورڈ کی کن حصوں میں درجہ بندی کی جاتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 08

7۔ AND آپریشنز اور OR آپریشنز کے ٹروتھ ٹیبلز بنایئے۔ 08

کمپیوٹر سائنس۔نہم فیصل آباد بورڈ 2019ء گروپ II

(حصہ معروضی) کل نمبر: 10 وقت: 15 منٹ

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	Klez ایک ۔۔۔۔۔ ہے۔	گیم کا نام	ہارڈ ویئر اجزاء	وائرس کا نام	کوئی نہیں
2	کمپیوٹر وائرس صرف ایک ۔۔۔ ہوتا ہے۔	بیماری	بیکٹیریا کی قسم	کمپیوٹر کوڈ	کوئی نہیں
3	rmdir کمانڈ:	ڈائریکٹری بناتی ہے	ڈائریکٹری کو ختم کرتی ہے	فائل کاپی کرتی ہے	کوئی نہیں
4	ڈی مارگن کا قانون بیان کرتا ہے:	$a.(b+c)=a.b+a.c$	$a+(b+c)=(a+b)+c$	$\overline{a+b}=\bar{a}.\bar{b}$	کوئی نہیں
5	0101010 کا 2 کا کمپلیمنٹ ہوتا ہے:	1010110	1010101	0000011	کوئی نہیں
6	کمپیوٹر کی بورڈ پر کیز ہوتی ہیں:	ایلفانومیرک کیز	نومیرک کیز	فنکشن کیز	یہ تمام
7	کون سا کمپیوٹر سسٹم کا حصہ ہے؟	سی پی یو	میموری	اِن پٹ / آؤٹ پٹ آلات	یہ تمام
8	سسٹم بس کو کن یونٹس کو ملانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟	سی پی یو	مین میموری (ریم، روم)	اِن پٹ / آؤٹ پٹ آلات	یہ تمام
9	تیسری جنریشن کے کمپیوٹر استعمال کرتے تھے:	ویکیوم ٹیوبز	انٹی گریٹڈ سرکٹس	ٹرانزسٹرز	مائیکرو پروسیسرز
10	ہائی لیول لینگویج نہیں ہے:	فورٹران	بیسک	C اور ++C	اسمبلی لینگویج

(حصہ انشائی) کل نمبر:40 وقت: 01:45 گھنٹہ

(حصّہ اوّل)

2۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. پاسکلز پاسکلائن کیلکولیٹر سے کیا مراد ہے؟

ii. اینالوگ کمپیوٹر کی خصوصیات لکھئے۔

iii. بار کوڈ ریڈر کیا ہے؟

iv. اونچے درجے کی لینگویج کو بیان کیجیے۔

v. سسٹم سافٹ ویئر کی تعریف کیجیے۔

vi. سی پی یو رجسٹرز کیا ہوتے ہیں؟

3۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. مونیٹر کی ریزولوشن سے کیا مراد ہے؟

ii. CD کیا ہے؟

iii. سِیک ٹائم کیا ہے؟

iv. روٹیشنل وقفہ سے کیا مراد ہے؟

v. اوکٹل اعداد کا نظام کیا ہے؟

vi. ہیکساڈیسیمل اعداد کا نظام کیا ہے؟

4۔ کوئی سے چار اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 08

i. پراپوزیشن کی تعریف کیجیے۔

ii. VER اور VOL کمانڈز کی تعریف کیجیے۔

iii. آپریٹنگ سسٹم کو بیان کیجیے۔

iv. ونڈوز ایکسپلورر کیا ہے؟

v. ری سائیکل بن کا کیا استعمال ہے؟

vi. کمپیوٹر ڈیسک ٹاپ پر مختصر نوٹ لکھئے۔

حصّہ دوئم، کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

5۔ CPU سے کیا مراد ہے؟ اس کے یونٹس ALU اور CU کی وضاحت کیجیے۔ 08

6۔ نان امپیکٹ پرنٹر سے کیا مراد ہے؟ لیزر اور انک جیٹ پرنٹرز کی وضاحت کیجیے۔ 08

7۔ بولین الجبرا میں منطقی آپریٹرز کی مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ 08